# مُحدّثِ اعظمِ ہند کچھوچھوی

# اور تحریکِ پاکستان

تصنیف

محمد اعظم نورانی

رضا اکیڈمی رجسٹرڈ

لاہور ——— پاکستان

Marfat.com

# مُحدّثِ اعظم ہند کچھوچھوی

# اور تحریکِ پاکستان

تصنیف

محمد اعظم نورانی

رضا اکیڈمی رجسٹرڈ
لاہور ـــــــــــ پاکستان

Marfat.com

## سلسلہ مطبوعات نمبر ۱۸

نام کتاب ——— محدث اعظم ہند کچھوچھوی اور تحریک پاکستان

تصنیف ——— محمد اعظم نورانی

ناشر ——— رضا اکیڈمی رجسٹرڈ

مطبع ——— احمد سجاد آرٹ پریس۔ موہنی روڈ۔ لاہور

ہدیہ ——— دعائے خیر بحق معاونین رضا اکیڈمی رجسٹرڈ لاہور

**بیرون جات کے حضرات ۳ روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب فرمائیں**

پتہ ———

**رضا اکیڈمی۔ رجسٹرڈ۔ لاہور مسجد رضا**

محبوب روڈ۔ چاہ میراں۔ لاہور ۳۹

پاکستان ——— فون: ۲۵۰۴۴۰ / ۲۲۶۷۹۰


Marfat.com

# فہرست


| | |
|---|---|
| نشانِ منزل | ۱ |
| انتساب | ۵ |
| اظہارِ تشکر | ۶ |
| عرضِ مرتب | ۶ |
| تحریکِ پاکستان اور محدث کچھوچھوی | ۱۲ |
| تعارف سید محمد محدث کچھوچھوی | ″ |
| ولادت و سلسلۂ نسب | ۱۴ |
| تعلیم و تربیت و اساتذۂ کرام | ۱۵ |
| تدریس و قیامِ مدرسہ | ۱۷ |
| تصنیفات | ۱۸ |
| بیعت و خلافت | ″ |
| تبلیغی و سیاسی سرگرمیاں | ۱۹ |
| وفات | ۲۰ |
| تحریکِ پاکستان کا پس منظر | ۲۱ |
| بنیادی محرکات و عوامل | ″ |
| دو قومی نظریے کا ابتدائی تصور | ۲۳ |
| دو قومی نظریے کی وسعت و ہمہ گیری | ۲۴ |
| ایک قومی نظریہ ۔ دو قومی نظریہ (تقابل) | ″ |
| تقسیمِ ہند کا ابتدائی تصور | ۲۶ |


Marfat.com

| | صفحہ |
|---|---|
| آغازِ جدوجہد اور علماءِ اہلسنّت .. | ۳۰ |
| علماء کا ایک اور گروہ اور اس کا کردار .. | ۳۲ |
| سید محدث کچھوچھوی تحریکِ پاکستان کے آئینے میں | ۳۴ |
| آل انڈیا سنی کانفرنس کے سٹیج سے آپ کی جدوجہد | ۳۵ |
| بنارس کانفرنس میں آپ کا تاریخ ساز خطبہ .. | ۳۸ |
| آپ کے تاریخ ساز خطبہ کا ایک تفصیلی جائزہ .. | ۳۹ |
| پاکستان کے مختلف مفہوم .. | 〃 |
| سنیوں کا عظیم تر تصور پاکستان .. | ۴۳ |
| سنیوں کے عظیم پروگرام کی ایک اور جھلک .. | ۴۴ |
| آل انڈیا سنی کانفرنس اجمیر میں آپ کا ایک اور خطبہ | ۴۷ |
| پاکستان بنانا سنیوں کا کام ہے .. | ۵۰ |
| پاکستان پاک لوگوں کا وظیفہ ہے .. | ۵۱ |
| سُنی، مسلم لیگ کا ہراول دستہ ہیں .. | ۵۲ |
| سُنی کانفرنس پھپھوند میں آپ کا خطبہ .. | ۵۵ |
| کراچی میں آپ کا ایک خطاب | 〃 |
| حضرت محدث کچھوچھوی کا تابناک کردار اور مورخین کی بے انصافی | ۶۲ |
| اپنوں کے لیے لمحۂ فکر .. | 〃 |
| حرفِ آخر .. | ۶۳ |
| ماخذ و مراجع .. | ۶۴ |

Marfat.com

# نشانِ منزل

قیامِ پاکستان، مسلمانوں کے لیے اللہ تعالیٰ کا عظیم انعام تھا۔ اسلام کے نام پر قائم ہونیوالی سب سے بڑی اسلامی سلطنت کے قیام نے پوری دنیا کو حیرت میں ڈال دیا، دراصل تمام قوم اس مطالبے پر متفق ہوگئی تھی کہ مسلمانوں کے لیے الگ ایک خطۂ زمین متعین کیا جائے جہاں قانونِ اسلام کی حکمرانی ہو اور مسلمان آزادانہ خدا اور رسول کے احکام کے مطابق زندگی بسر کرسکیں۔ افسوس ۴۴ سال کا عرصہ گذرنے کے باوجود آج تک اسلامائزیشن کا سلسلہ مکمل نہ ہو سکا، ہمارا مشرقی بازو کٹ گیا مگر ہمیں احساس نہ ہو سکا کہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا بڑا سبب یہ ہے کہ ہم نے اس سے کیا ہوا وعدہ پورا نہیں کیا۔ اس سے بڑا کفرانِ نعمت کیا ہوگا؟ کہ ہم مملکتِ خداداد پاکستان میں اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں سے مستفید ہو رہے ہیں اور اس سے کئے ہوئے وعدے کو پورا کرنے کے لیے تیار نہیں بلکہ بعض عاقبت نااندیش تو پاکستان کے توڑنے کی باتیں کر رہے اور بعض لوگ غیر اسلامی نظام نافذ کرنے پر تلے بیٹھے ہیں۔

امامِ ربانی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ کے بعد امام احمد رضا بریلوی دو نمایاں ترین شخصیت ہیں جنہوں نے علی الاعلان دو قومی نظریئے کا پرچار کیا اور قیامِ پاکستان

Marfat.com

کار استہ ہموار کیا، یہی وہ راستہ تھا جس کی طرف علامہ اقبال نے رہنمائی کی اور قائد اعظم نے اسی پر چل کر پاکستان کی منزل کو پالیا۔

تحریک پاکستان کے حق میں رائے عامہ کو ہموار کرنے میں امام **احمد رضا بریلوی** رحمۃ اللہ تعالیٰ کے ہم مسلک علماء اور مشائخ اہلسنت نے بڑا کردار ادا کیا، آل انڈیا **سُنّی کانفرنس**، اہل سُنّت وجماعت کی وہ نمائندہ جماعت تھی جس نے اپنی تمام تر توانائی تحریک پاکستان کی حمایت کے لیے صرف کردی، ۱۹۴۶ء میں منعقد ہونے والی سُنّی کانفرنس **بنارس** کا اجلاس تو اس تحریک کے لیے سنگ میں کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس جماعت کے سرپرست امیر ملّت حضرت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری اور محدث اعظم ہند مولانا سید محمد محدث کچھوچھوی تھے اور اس کی رُوح رواں صدر الافاضل مولانا علامہ سید محمد نعیم الدین مراد آبادی تھے، ہمارے بعض احباب شکایت کرتے ہیں کہ تاریخی اور نصابی کتابوں میں ملّت اسلامیہ کے ان محسنوں کی دینی ملی اور پاکستان کے لیے کی جانے والی خدمات کو ان کے شایان پیش نہیں کیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ کام خود ہمارے کرنے کا تھا یاد رکھئے جو قوم اپنے لیے کچھ نہیں کرسکتی اسے دوسروں سے شکایت کرنے کا کوئی حق نہیں پہنچتا۔ محدث اعظم ہند کچھوچھوی کے بے شمار مریدین اور خود ان کے خانو[illegible] صحاب علم اگر ان کی خدمات جلیلہ کو تاریخ کے اوراق

Marfat.com

میں محفوظ کرنے کی کوشش نہیں کرتے اور اہلِ سنت وجماعت اگر اس طرف متوجہ نہیں ہوتے تو دوسروں کو کیا پڑی ہے کہ وہ ان پر کام کریں۔

یہ امر باعث اطمینان ہے کہ پاکستان کے تمام مدارس اہلِ سُنت کی نمائندہ اور فعال تنظیم "تنظیم المدارس ، اہلِ سنّت ، پاکستان" نے درجہ حدیث کے طلباء سے مقالہ لکھوانے کی طرح نو ڈالی اور اس طرح سُنی طلباء کو قلم و قرطاس سے رابطہ قائم کرنے کا سلیقہ سکھایا، ۱۴۰۴ھ / ۱۹۸۴ء میں فاضل نوجوان مولانا محمد اعظم نُورانی نے محدث اعظم ہند کچھوچھوی اور تحریک پاکستان کے عنوان سے مقالہ تحریر کیا اور امتحان میں کامیابی حاصل کی مولانا محمد اعظم نورانی ابن چوہدری نُور دین ۱۹۵۸ء میں پیدا ہوئے ، آج کل ان کا خاندان وسن پور تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا میں قیام پذیر ہے ۔ ابتدائی تعلیم سکول میں حاصل کرنے کے بعد دینی تعلیم کا آغاز کیا، آخری تین چار سال جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں تعلیم حاصل کی اور یہیں سے درس حدیث لے کر سند فضیلت حاصل کی ۔

نومبر ۱۹۸۵ء سے گورنمنٹ رنگ محل مشن ہائی سکول ، لاہور میں آٹھویں اور دسویں کلاسوں کو عربی اور اسلامیات پڑھا رہے ہیں ، وہ ایک صالح اور باصلاحیت نوجوان ہیں ، انجمن طلبۂ مدارس عربیہ پاکستان کے صدر رہ چکے

Marfat.com

ہیں اور انجمن تحفظ ختم نبوت پاکستان، لاہور کے صدر ہیں۔ اُمید ہے کہ وہ آئندہ بھی تصنیف و تحریر سے تعلق برقرار رکھیں گے۔

رضا اکیڈمی رجسٹرڈ۔ لاہور کے اراکین ہدیۂ تبریک کے مستحق ہیں کہ وہ اس اہم مقالے کی اشاعت کا اہتمام کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں دونوں جہانوں میں اجر و ثواب سے نوازے اور دین اسلام کی خدمت کرتے رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

محمد عبدالحکیم شرف قادری

جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

۲۹ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۸ھ
۲۰ جنوری ۱۹۸۸ء

Marfat.com

# انتساب

علمائے حق کی جراتوں اور سرفروشیوں کے نام جن کی حق گوئی سے آمریت کے ایوانوں میں زلزلہ بپا رہتا ہے۔

اور

تحریک پاکستان کے ان مشائخ علماء اہلسنّت وطلبائے اہلسنّت کے نام جن کی قربانیوں سے مملکت خداداد پاکستان معرض وجود میں آئی ؎

خبر نہیں کہ بلا خانۂ سلاسل میں
تیری حیاتِ ستم آشنا پہ کیا گزری؟
خبر نہیں کہ نگارِ سحر کی حسرت میں
تمام رات چراغِ وفا پہ کیا گزری؟

محمد اعظم نوازی

Marfat.com

Marfat.com

# اظہارِ تشکر

میں ضروری سمجھتا ہوں کہ اس مقالے کی ترتیب و تدوین کے سلسلے میں جن شخصیات کے گراں قدر مشورے اور بصیرت افروز ہدایات مجھے میسر رہیں ان کے حضور خراجِ سپاس پیش کروں:

اس سلسلے میں خاص طور پہ سرمایۂ اہلسنت حضرت قبلہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی، استاذی المکرم علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری اور حضرت مولانا علی احمد سندیلوی کے نام خاص طور پہ قابلِ ذکر ہیں۔ جنہوں نے ہر مرحلے پہ میری راہنمائی فرمائی۔ علاوہ ازیں اپنے تحریکی ساتھی زاہد عرفانی قادری کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مقالے کی کتابت کے سلسلے میں اپنے تعاون سے نوازا۔

میرا دل ان محترم شخصیات کے لیے تشکر و امتنان اور سپاس و عقیدت کے جذبات سے لبریز ہے۔

محمد اعظم نورانی

Marfat.com

وہی ہے بندۂ حر جس کی ضرب ہے کاری
نہ وہ کہ حرب ہے جس کی تمام عیّاری

---

جہاں میں اہل ایمان صورت خورشید جیتے ہیں
اِدھر ڈوبے ادھر نکلے، اُدھر ڈوبے ادھر نکلے

Marfat.com

# عرضِ مُرتّب

گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ یہ حقیقت پوری طرح بے نقاب ہوتی جا رہی ہے کہ تحریکِ پاکستان میں علماء و مشائخِ اہلسنت کا کردار تابناک کردار رہا ہے۔ اور انہوں نے پورے دردِ دل اور سوزِ جگر کے ساتھ تحریکِ پاکستان میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کیا۔ لیکن تاریخ کے کچھ جانبدار مؤرخین نے جس طرح علماء و مشائخ کے اس تابناک کردار کو قعرِ گمنامی میں پھینکنے کی افسوسناک کوششیں کیں وہ اس دور کا سب سے بڑا ظلم ہے۔ مورخ کے قلم کو یہ زیب نہیں دیا کرتا کہ وہ کسی وابستگی یا عقیدت کی بنار پر کسی خاص گروہ کو اجاگر کرے اور کسی اختلاف کی بنار پر کسی دوسرے گروہ کی کردارکشی شروع کر دے۔ اس کا کام محض واقعات و شواہد اور تاریخی دلائل کو سچے اور کھرے انداز میں کرنا ہوتا ہے۔ لیکن افسوس، کہ بعض مؤرخین نے کسی سے اندھی عقیدت اور کسی سے بے جا اختلاف کی بنار پر اپنے قلم کی آبرومندانہ حیثیت بھی باقی نہیں رہنے دی۔

اور دوسری طرف وہ لوگ جو ان اکابرین کے تابناک کردار کی عظمتوں کے وارث اور امین تھے، ان کے عقیدت مند اور جانشین تھے وہ محض ان کے کارناموں پر سر دھنتے پر اکتفا کرتے رہے۔ انہوں نے وقت کے تقاضوں کو نہ سمجھا اور اپنے اکابرین کے کارناموں کو دنیا کے سامنے پیش کرنے اور متعارف کرانے کے لیے کوئی اقدام نہ کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پتھروں نے ہیروں کی جگہ لے لی اور ہیروں کی تابنا کیاں قصۂ پارینہ بن گئیں؛

Marfat.com

آج حالات کی ہزار ہا گردشوں سے گزرنے اور وقت کی بے پناہ ٹھوکریں کھانے کے بعد احساس کی کچھ چنگاریاں سلگی ہیں۔ اور دردِ دل رکھنے والے کچھ لوگوں نے اس طرف توجہ دی ہے۔ کہ ان قابلِ فخر اسلاف کے کارناموں سے لوگوں کو متعارف کرایا جائے اور متعصب و جانبدار مؤرخین کے عائد کردہ الزامات کے زائل کرنے کا کچھ سامان کیا جائے۔ خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس سلسلے میں کچھ کوششیں ہوئی ہیں اور گزشتہ مختصر سے عرصے میں اس موضوع پر کچھ قابلِ قدر اور وقیع کتابیں منظرِ عام پر آئی ہیں۔

اس کے باوجود مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ میں جب اپنے متعلقہ موضوع کے پیشِ نظر تحریکِ پاکستان کے حوالے سے حضرت محدث کچھوچھوی کے مجاہدانہ کردار سے متعلق مواد ڈھونڈھنے لگا تو مجھے بے پناہ مشکلات اور دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ بسیار کوششوں کے باوجود اس موضوع پر تفصیلی مواد نہ مل سکا۔ اور میں جس طرح اس موضوع پر کام کرنا چاہتا تھا وہ میرے لیے ممکن نہ ہو سکا۔ اس کے ساتھ ساتھ وقت کی کمی بھی آڑے آئی۔ تین چار ماہ کے مختصر سے عرصہ میں کیا ہو سکتا ہے؟ اس سلسلے میں، میں تنظیم المدارس کے منتظمین سے گزارش کروں گا کہ دورۂ حدیث کی مدت ایک سال کی بجائے کم از کم دو سال ہونی چاہیئے۔ اس طرح ایک تو طالبِ علم روائتی تیز رفتاری کا شکار نہیں ہو گا اور سکون کے ساتھ درسِ حدیث لے سکے گا۔ اور دوسری طرف وہ اپنے مقالے کو بھی تحقیق و تدقیق کے وسیع امکانات سے آشنا کرا سکے گا۔

اور آخر میں مجھے اس حقیقت کا اعتراف کرنا ہے کہ میں نہ تو کوئی مؤرخ ہوں اور نہ ہی کوئی محقق اور نہ ہی میرے پاس حسنِ تحریر کا سرمایہ ہے۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ اسلاف کی عظمتوں کا معترف، ان کا ایک ادنیٰ سا عقیدت مند اور تاریخ کا ایک معمولی سا طالب علم ضرور ہوں۔ اور میں نے اپنے محدود ذہن و فکر، محدود ذرائع اور محدود وقت میں جو کچھ ہو سکا ہے کرنے کی کوشش کی ہے۔ پھر بھی مجھے احساس ہے

Marfat.com

کہ بہت سے گوشے یقیناً تشنہ رہ گئے ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ نے اگر زندگی دی تو اس موضوع پر مزید کام کرنے کا عزم ضرور ہے۔

خدا کرے کہ یہ حقیر سی کوشش ان عظیم بارگاہوں کے حضور شرفِ قبول پا جائے۔

محمد اعظم نورانی

Marfat.com

ہے وُہی تیرے زمانے کا امامِ برحق
جو تجھے حاضر و موجود سے بیزار کرے
دے کے احساسِ زیاں تیرا لہو گرما دے
فقر کی سان چڑھا کر تجھے تلوار کرے

(اقبال)

Marfat.com

# تحریکِ پاکستان
# اور
# حضرت سید محدِّث کچھوچھوی علیہ الرحمۃ

تحریکِ پاکستان کی لمحہ بہ لمحہ داستان پر ایک دیانتدارانہ نظر ڈالنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اس میں علمارِ اہلسنت کا انتہائی مؤثر اور بھرپور کردار رہا ہے۔ اور اس گروہ نے تحریکِ پاکستان کی تخیلی تشکیل سے لے کر اس کی تعمیر و تکمیل تک ہر لحاظ پر کارہائے نمایاں سرانجام دیئے۔ اسی مقدس گروہ کے ایک عظیم فرد، حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی تھے۔ جنہوں نے اپنے مجاہدانہ کردار کی بنا پر تحریکِ پاکستان کی تاریخ کے صفحات پر درخشندہ و تابندہ نقوش چھوڑے ہیں۔ اور آئندہ صفحات میں ہم انہی درخشندہ و تابندہ نقوش سے اپنے قلب و ذہن کو جگمگانے کی کوشش کریں گے لیکن آیئے! اس سے پہلے ہم حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کی شخصیت پر ایک تعارفی نظر ڈالتے ہیں۔

## تعارف :-

برصغیر پاک و ہند کی محافلِ میلاد اور مجالسِ سیرت کے مجمعوں، اور تحریکِ پاکستان کے سلسلے میں منعقد ہونے والی عظیم الشان کانفرنسوں میں لوگ دیکھا کرتے تھے کہ ایک بزرگ مجاہدانہ سیرت و صورت، گندمی رنگ، بھاری جسم بڑی سی دستار باندھے جس کے کلاہ میں ایک خاص جاذبیت پائی جاتی منبر پر جلوہ افروز

Marfat.com

ہے اور وہ بڑے مقفیٰ، مسجع اور فصیح و بلیغ انداز میں خطبہ پڑھ کر مجمع کو مسحور کر رہا ہے۔
اگر وہ قرآنی تفسیر کی طرف متوجہ ہوتا تو حقائق و معارف کا قلزم' دلنشین الفاظ اور ایمان افروز فقرات میں طوفان خیز معلوم ہوتا۔ اگر احادیث نبوی کی شرح و وضاحت پر مائل ہوتا تو رشد و ہدایت کی سنہری بدلیاں بارانِ رحمت میں مصروف نظر آتیں اور یہ شخصیت برصغیر کے عظیم مذہبی، روحانی اور سیاسی راہنما رئیس المتکلمین، محدث اعظم ہند، قافلہ سالارِ جاں نثاران مصطفےٰ[۱] اور تحریک پاکستان کے عظیم راہنما، مفسر قرآن حضرت مولانا الشاہ ابوالمحامد سید محمد اشرفی الجیلانی محدث کچھوچھوی علیہ الرحمۃ کی ہوتی جن کے مذہبی، روحانی اور سیاسی مقام کی عظمتوں کا ہر کوئی معترف تھا۔ اور جن کی فصاحت و بلاغت سے بھرپور بے نظیر خطابت کا پورے ہندوستان میں طوطی بولتا تھا۔

## ولادت و سلسلۂ نسب

آپ ۱۵ ذلقعدہ ۱۳۱۱ھ بروز بدھ نمازِ فجر سے کچھ دیر قبل ہندوستان کے مشہور شہر رائے بریلی کے مضافاتی قصبہ جائس میں پیدا ہوئے تھے۔ قصبہ جائس میں آپ کی دادی صاحبہ کا میکا تھا اور حضرت الشاہ علی حسین شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ کا کاشانۂ اقدس بھی وہیں تھا۔ اسی جگہ آپ نے بڑے ناز و نعم سے پرورش پائی آپ کا سلسلۂ نسب حضور غوث الثقلین محبوب سبحانی سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تک اس طرح جا ملتا ہے۔

الشاہ ابوالمحامد سید محمد بن مولانا سید نذر اشرف بن سید افضل حسین بن سید شاہ منصب علی بن سید شاہ قلندر علی بن سید تراب اشرف بن سید محمد نواز بن سید محمد غوث بن سید جمال الدین بن سید عزیز الرحمان بن سید محمد عثمان بن سید ابوالفتح بن

---

۱ے محمد صادق قصوری : اکابر تحریک پاکستان ص ۲۰۸

Marfat.com

سید محمد بن سید محمد اشرف بن سید حسن شریف بن سید عبدالرزاق بن سید عبدالغفور حسن جیلی بن ابوالعباس احمد بن بدرالدین حسن بن علاؤالدین علی بن سید شمس الدین بن سید سیف الدین بن یحییٰ حموی بن سید ابوالفرح محمد بن سید ابو صالح عماد الدین نصر بن حضرت تاج العراق ابوبکر عبدالرزاق بن آفتاب ولایت قطب الکونین السید محی الدین ابو محمد عبدالقادر الحسنی الحسینی الجیلانی البغدادی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

## تعلیم و تربیت و اساتذہ کرام

جب آپ چار برس اور چار ماہ کے ہوئے تو آپ کے جدامجد حضرت شاہ فضل حسین نے معمولات خاندان کے برعکس صرف چار پیسے کی شیرینی منگوا کر فاتحہ پڑھ کر آپ کی رسم بسم اللہ کرائی ۔ آپ کے خاندان میں عام طور پر بچوں کی تقریب عقیقہ کے بعد تسمیہ خوانی ہوتی تھی اور اس کا خصوصی طور پر اہتمام کیا جاتا تھا لیکن آپ کی انتہائی سادگی کے ساتھ منعقد ہونے والی رسم بسم اللہ خوانی بھی ایک یادگار بن کے رہ گئی جو کہ عام معمولات خاندان سے ہٹ کر تھی ۔ آپ نے ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی ۔ آپ کی والدہ ماجدہ نے آپ کو بلاناغہ پڑھانا شروع کیا اور آپ نے چھ ماہ میں ہی بغدادی قاعدہ اور تیسواں پارہ ختم کر لیا ۔ یہ دن آپ کے کاشانہ مبارک میں خاص مسرت کا دن تھا ۔ اور خوب شیرینی وغیرہ تقسیم ہوئی ........ اس کو آپ کی خداداد ذہانت کہیے کہ صرف ۲۹ دن میں بقیہ ۲۹ سپارے قرآن پاک کے نہایت روانی کے ساتھ ختم کر لیے ۔ یوں پانچ سال کی عمر شریف میں آپ نے پورا قرآن پاک پڑھ لیا ۔ کچھ دن تک آپ کچھوچھہ شریف کے سکول میں تعلیم حاصل کرتے رہے دو کلاسیں پاس کرنے کے بعد آپ کو سکول سے اٹھا لیا گیا ۔ اس کے بعد آپ کے والد ماجد نے آپ کی

---

لے سید محمد محدث کچھوچھوی، مولانا : مقدمہ فرش پر عرش (مطبوعہ بمبئی) ص ۲

Marfat.com

## وفات

آپ نے ۱۹ رجب المرجب ۱۳۸۳ھ کو پیر کے روز دن کے ساڑھے بارہ بجے لکھنؤ میں رحلت فرمائی[1]۔ آپ نے پیچھے چار فرزند اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑیں۔ جن میں سید محمد اشرف، سید حسن مثنیٰ، سید محمد مدنی میاں، سید محمد ہاشمی کے نام ہیں۔ آپ کے تیسرے فرزند شیخ الاسلام سید محمد مدنی میاں آج کل آپ کے جانشین ہیں اور آپ کی سرپرستی میں ممبئی، ہندوستان سے المیزان کے نام سے ایک ماہنامہ شائع ہوتا ہے جس کے ایڈیٹر سید محمد جیلانی میاں ہیں۔ یہ ماہنامہ ہندوستان میں مسلمانوں کا سیاسی و مذہبی ترجمان ہے۔

---

[1] محمد صادق قصوری اکابر تحریک پاکستان ص ۲۱۳

Marfat.com

# تحریکِ پاکستان کا پس منظر

برِصغیر مختلف ادوار میں مختلف تحریکوں کی آماجگاہ رہا ہے۔ کبھی اکبر بادشاہ کے دینِ الٰہی کے خلاف حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریک چلائی۔ کبھی حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے لیے تحریک کا آغاز کیا۔ اور کبھی اس سرزمین پر تحریک خلافت، تحریکِ ترکِ موالات، تحریکِ ترکِ گاؤکشی تحریک آزادیٔ ہند اور تحریک سوراج وغیرہ کا غلبہ رہا۔ یہ سب تحریکیں اپنی جگہ بے حد اہم تھیں۔ لیکن ان سب میں تحریک پاکستان کو اپنے مقاصد محرکات اور پس منظر کی وجہ سے خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ یہی وہ منفرد اور باعظمت تحریک ہے جس کے نتیجے میں دنیا کے نقشے پر پہلی نظریاتی مملکت معرضِ وجود میں آئی۔ بیشتر اس کے کہ موضوعِ سخن کے مطابق ہم اس تحریک میں علماء کرام کے مقدس گروہ کے فرد حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کے کردار پر گفتگو کریں پہلے ہم اس تحریک کے بنیادی مقاصد، محرکات اور عوامل پر ایک نظر ڈال لیں۔ تاکہ ہم اس کے پس منظر سے آگاہ ہوتے ہوئے آسانی کے ساتھ اس تحریک میں اپنے ممدوح حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کے مجاہدانہ کردار کا جائزہ لے سکیں۔

## بنیادی محرکات و عوامل

تحریک پاکستان کے بنیادی عوامل اور محرکات میں ہندو کے متعصبانہ اور عیارانہ رویے اور دو قومی نظریے کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اگرچہ برصغیر میں فرنگی اقتدار

Marfat.com

کے خاتمے کے لیے آزادیٔ ہند کی تحریک برصغیر میں بسنے والی دونوں بڑی قوموں مسلمان اور ہندو کے اشتراکِ عمل سے چلی لیکن جب برطانوی سامراج نے برصغیر سے جانے کا فیصلہ کر لیا تو ہندو کا عیار ذہن فرنگی کے جانے کے بعد پورے ہندوستان پر اکیلے حکومت کرنے کا خواب دیکھنے لگا۔ لیکن مسلمانوں کی موجودگی میں اسے یہ بات مشکل نظر آتی تھی چنانچہ اس نے سوچا کہ کوئی ایسی چال چلی جائے جس سے مسلمانوں کا علیحدہ قومی تشخص ختم ہو کر رہ جائے اور پھر ہندو کی حکمرانی کا راستہ ہموار ہو جائے۔ چنانچہ اس کے لیے اس نے برصغیر کے بسنے والوں کے لیے ایک قوم "ہندوستانی قوم" بن جانے کی تحریک چلائی[1] اور ابتدا، ہندو کی چلائی ہوئی اس بظاہر پرکشش نظر آنے والی تحریک نے بہت سے لوگوں کو گمراہ بھی کر دیا۔ اور ایک دفعہ ہندو مسلم اتحاد کے چرچے بلند ہونے لگے لیکن ہر دور میں اللہ تعالیٰ کے ایسے حق شناس اور دور اندیش بندے موجود رہے ہیں جنہوں نے بھٹکتی ہوئی قوم کی راہنمائی فرمائی۔ اور انہیں ہر موقع پر سیدھا راستہ دکھایا۔

چنانچہ اس دور میں بھی کچھ مردانِ حق شناس ایسے تھے جنہوں نے حالات کی نزاکت کو بھانپتے ہوئے اس بات کا احساس کر لیا کہ یہ ہندو مسلم اتحاد مسلمان قوم کے لیے بے حد خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ اور اس کے نتیجے میں برصغیر پر فرنگی اقتدار کی بجائے ہندو اقتدار ہو جائے گا اور مسلمان اسی طرح غلامی کی چکی میں پستے رہیں گے اور مختلف موقعوں پر ہندو کے طرزِ عمل اور ان کی خفیہ سازشوں نے یہ بات ثابت بھی کر دی۔ اس کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں۔ تاریخ کے صفحات میں اس کے دستاویزی ثبوت موجود ہیں۔ تو ان علمائے حق نے ہندو مسلم اتحاد کے جال میں پھنسے ہوئے لوگوں کو "دو قومی نظریئے" کا سیدھا اور سچا راستہ دکھایا۔

---

[1] محمد مسعود احمد، پروفیسر تحریک آزادیٔ ہند اور السواد الاعظم (مقدمہ) ص ۳۲

Marfat.com

اور انہوں نے دلائل کے ساتھ واضح کیا کہ ہندو کے ساتھ مسلمانوں کا اتحاد شرعی طور پر بھی قابل تسلیم نہیں اور پھر سیاسی طور پر بھی یہ زہرِ قاتل ثابت ہوگا۔ ابتداءً اگرچہ لوگوں کو یہ بات عجیب سی لگی لیکن گزرتے وقت کے ساتھ بہت سے ذہنوں نے اس بات کو تسلیم کر لیا جن میں تحریک پاکستان کے بعد میں بننے والے بڑے لیڈر بھی شامل تھے چنانچہ اس کے بعد ہندو مسلم اتحاد کا زور ماند پڑنے لگا اور پھر اسی نظریے کی بنیاد پر مسلم قوم کے مفکرین نے تقسیم ہند کی تجویز پیش کر دی اور یوں تحریک پاکستان کے لیے ابتدائی طور پر راستہ ہموار ہوا۔ اس پوری کش مکش میں بھی تابناک کردار علمائے اہلسنت کا رہا۔ خاص طور پر امام اہلسنت، مجدد دین و ملت الشاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی کی فراست خداداد نے بڑا کام دکھایا جنہوں نے سب سے پہلے ہندو مسلم اتحاد کی تباہ خیزیوں سے قوم کو آگاہ کیا۔

## دو قومی نظریے کا ابتدائی تصور

مولانا الشاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے جس وقت دو قومی نظریے کے احیاء کے لیے کوششیں شروع کیں وہ دور ایسا تھا جب مسلم قوم اس نظریے کو بالکل بھلا بیٹھی تھی۔ حالانکہ یہ نظریہ کوئی نیا نہیں تھا۔ اسی برصغیر میں اس سے پہلے بھی دو قومی نظریے کے تحفظ کے لیے کوششیں ہوتی رہی ہیں۔ سب سے پہلے برصغیر میں حضرت مجدد الف ثانی نے اکبر بادشاہ کے دینِ الٰہی کا قلع قمع کرنے اور مسلمانوں کے علیحدہ قومی و مذہبی تشخص کو بچانے کے لیے دو قومی نظریے کی تحریک چلائی۔ اکبر بادشاہ کا نظریہ تھا کہ مندر و مسجد کے امتیازی فرق کو ختم کر دیا جائے۔ اور ہندو مسلمان دونوں کو ایک خود ساختہ دین "دین الٰہی" کا پابند بنایا جائے لیکن اللہ تعالیٰ کے اس مرد درویش نے میدانِ عمل میں آکر اکبر بادشاہ کے ان غلط نظریات و تصورات کی جڑیں کاٹ کر رکھ دیں۔ ان کے بعد بارھویں اور

Marfat.com

تیرہویں صدی میں حضرت شاہ عبدالرحیم، حضرت شاہ ولی اللہ اور ان کے شاگردوں اور دیگر علمائے کرام نے اس سلسلے میں گراں قدر خدمات سرانجام دی تھیں[1] اور ان کے بعد امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے ہر وقت اس نظریے کے احیاء کے لیے کوششیں کیں[2] اور پھر دنیا نے دیکھا کہ یہی نظریہ تقسیم ہند کے مطالبہ کا سبب بن گیا۔

## دو قومی نظریے کی وسعت و ہمہ گیری

دو قومی نظریے کے ابتدائی دور میں بہت سے لوگ اگرچہ اس نظریئے کے مخالف تھے لیکن جب انہوں نے دو قومی نظریے کی وسعت کی ہمہ گیری، اثرانگیزی اور اس کے مضمرات اور اثرات پر غور کیا تو انہیں یہ ایک منصفانہ اور پر امن راستہ نظر آیا جس میں نہ تو دوسری قوم کے تہذیب و تمدن کو ختم کرنے کی کوئی کوشش نظر آتی تھی اور نہ ہی اس سے دوسری قوم سے جینے کا حق چھینا تھا۔ بلکہ اس میں دونوں قوموں کے تہذیب و تمدن اور ان کی سیاسی و معاشرتی زندگی کی نشو و نما کے راستے نظر آتے تھے۔ چنانچہ اہل نظر نے جب غور کیا تو انہیں یہ نظریہ بے حد منصفانہ لگا[3] چنانچہ ان دنوں دو قومی نظریے کو بے پناہ مقبولیت حاصل ہوئی۔ آیئے: ہم ایک قومی نظریے اور دو قومی نظریئے پر ایک تقابلی نظر ڈالتے ہیں تاکہ صورتِ حال واضح ہو جائے۔

| ایک قومی نظریہ | دو قومی نظریہ |
|---|---|
| (۱) ایک ملک ہندوستان | (۱) ایک ملک پاکستان (جہاں کا فرد مسلمان امن و امان سے زندگی بسر کر سکیں) |

---

۱-۲ محمد مسعود احمد، پروفیسر: مقدمہ تحریک آزادی ہند اور السواد الاعظم صفحہ ۲۳

۳ محمد مسعود احمد، پروفیسر: تحریک آزادی ہند اور السواد الاعظم صفحہ ۱۴۹

Marfat.com

(۲) ایک قوم: ہندوستانی

(۳) ایک زبان: ہندی بخط ناگری

(۴) ایک مذہب: مجموعہ مذاہب ہندومت

(۵) ایک تہذیب: مجموعۂ تہذیب (ہندو تہذیب)

ب۔ دوسرا ملک: ہندوستان

(۲) (ا) ایک قوم: مسلم
(وہ قوم جو وطن بنایا کرتی ہے۔ وطن سے نہیں بنا کرتی)

(ب) دوسری قوم: ہندو

(۳) (ا) ایک زبان: اردو بخط نسخ یا نستعلیق
(وہ زبان جو ہندوستان کی ساری قوموں نے مل کر بنائی جو آج پاک و ہند کی عوامی زبان ہے)

(ب) دوسری زبان: ہندی بخط ناگری

(۴) (ا) ایک مذہب: اسلام
(وہ مذہب جو نفرت کی بجائے محبت کا سبق سکھاتا ہے، جو ہمیشہ سے ایک ہے اور ایک رہے گا)

(ب) دوسرا مذہب: مجموعہ مذاہب و ہندومت وغیرہ

(۵) (ا) ایک تہذیب: اسلامی
(وہ تہذیب جو اسلامی قدروں پر قائم ہو۔)

(ب) دوسری تہذیب: مجموعہ تہذیب (ہندومت)

Marfat.com

| | |
|---|---|
| (۶) ایک آئین : فلسفہ گاندھی | (۶) (ا) ایک آئین، شریعتِ اسلامی (جس میں اسود واحمر کافر ومشرک سب کی سمائی ہے) (ب) دوسرا آئین، فلسفہ گاندھی [۱] |

یہ تقابلی جائزہ بزبانِ حال پکار کر یہ کہہ رہا ہے کہ دو قومی نظریہ ہی ایک منصفانہ نظریہ ہے۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ ایک قومی نظریہ میں نہ مسلمان کی گنجائش تھی، نہ اردو کی، نہ اسلام کی، نہ اسلامی تہذیب وتمدن کی، نہ شریعت اسلامی کی، لیکن دو قومی نظریہ میں ہندو کی بھی گنجائش ہے، ہندی کی بھی، ہندومت کی بھی اور ہندو تہذیب وتمدن کی بھی اور فلسفہ گاندھی کی بھی۔ صاف نظر آرہا ہے کہ ایک قومی نظریے سے دو قومی نظریے میں کہیں زیادہ وسعت وگنجائش ہے۔ اور اس کی یہی وہ خصوصیت تھی جس کی بنا پر اسے بالآخر قبول عام حاصل ہوا۔

## تقسیم ہند کا ابتدائی تصور

ہندو مسلم اتحاد کے نشے میں سرشار قوم کی آنکھیں جب خوابِ غفلت سے کھلیں اور وہ ایک قومی نظریے کی زہر فشانیوں سے آگاہ ہو کر دو قومی نظریے کے دامن میں پناہ لینے لگے تو اس سے مسٹر گاندھی کی وہ طویل جدوجہد جو انہوں نے ہندو کی حکمرانی کے لیے ہندو مسلم اتحاد کے پردے میں کی تھی، وہ بے کار ہو کر رہ گئی۔ ان کا ہندو مسلم اتحاد کے ذریعے پورے برصغیر پر حکمرانی کا خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہو سکا اور یوں مسلم قوم کی بیداری کا نتیجہ میں دو قومی نظریے کی بنیاد پر تقسیم ہند کی تجویز سامنے آئی۔

---

[۱] محمد مسعود احمد، پروفیسر: تحریک آزادیٔ ہند اور السواد الاعظم صفحہ ۱۴۸

Marfat.com

تقسیم ہند کے بارے میں عام خیال یہی ہے کہ اس کی تجویز سب سے پہلے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے پیش کی۔ اور یہ خیال اتنا جم گیا ہے کہ ٹھوس دلائل کے بغیر اس پر کچھ کہنا مشکل نظر آتا ہے اور یہ بات درست بھی ہے کہ عوامی سطح پر مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے سب سے پہلے علامہ اقبال نے تقسیم ہند کی تجویز پیش کی۔ اور انہوں نے ۱۹۳۰ء میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس منعقدہ الہ آباد میں اپنے صدارتی خطبے میں اس مسئلے پر تفصیلی بحث کی لیکن اس کے ساتھ یہ وضاحت اور تاریخی حقیقت بھی ہمارے ذہن میں رہنی چاہیئے کہ تقسیم ہند کا بنیادی تصور اور ایک مسلم ریاست کے خدوخال پر اس سے پہلے بہت سے لوگ تجاویز پیش کر چکے تھے۔ ممکن ہے کہ علامہ اقبال نے انہی تجاویز سے تصور لیکر ان کو مزید بہتر شکل میں مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے پیش کیا ہو۔ اور اس کے کچھ شواہد بھی ملتے ہیں۔

ہندوستان میں مسلم ریاست کی ضرورت پر زور دینے والے سب سے پہلے شخص غالباً چوہدری رحمت علی تھے۔ جنہوں نے ۱۹۱۵ء میں لاہور میں بزم شبلی قائم کی اور اس کے افتتاحی اجلاس میں انہوں نے ہندوستان میں اسلامی ریاست کی ضرورت کی طرف واضح اشارہ کیا۔ اور پھر اکتوبر ۱۹۳۰ء میں وہ اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے جہاں ۲۸ جنوری ۱۹۳۳ء کو انہوں نے اپنا مشہور کتابچہ NOW OR NEVER شائع کیا۔ جس میں حکومت برطانیہ سے ہندوستان میں ایک اسلامی ریاست کے قیام کا باقاعدہ مطالبہ کیا گیا۔ جس کی جغرافیائی حدود موجودہ پاکستان سے کچھ ہی مختلف تھیں۔ چوہدری رحمت علی نے اس نئی ریاست کا نام پہلی بار پاکستان تجویز کیا۔ اور پھر ۱۹۱۵ء میں چوہدری رحمت علی کی تقسیم ہند کی تجویز کے بعد ۱۹۱۷ء میں اسٹاک ہوم میں مقیم پروفیسر عبدالجبار خیری اور پروفیسر عبدالستار خیری نے تقسیم ہند

Marfat.com

کی تجویز پیش کی لے

لیکن کچھ ہی عرصہ بعد ۱۹۲۵ء میں محمد عبدالقدیر بدایونی رحمۃ اللہ علیہ نے تقسیم ہند کی تجویز پیش کرتے ہوئے نہایت ہی تفصیل سے روشنی ڈالی۔ یہ تفصیل اس سے قبل کہیں نظر نہیں آتی۔ عبدالقدیر بدایونی کی تجویز تقسیم ہند سب سے پہلے بدایوں کے اخبار ذوالقرنین کے شمارہ مارچ، اپریل ۱۹۲۰ء میں منظر عام پر آئی۔ بعد میں باقاعدہ طور پر ایک رسالے کی صورت میں ۱۹۲۵ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اور نظامی پریس بدایوں سے چھپ کر شائع ہوئی۔ رسالے کا عنوان تھا۔ ہندو مسلم اتحاد پر کھلا خط گاندھی کے نام۔ محمد عبدالقدیر بدایونی کی اس تجویز کے متعلق جدید مؤرخین کے مایہ ناز فرد ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی (سابق وزیر تعلیم و وائس چانسلر کراچی یونیورسٹی) اظہار خیال کرتے ہوئے کہتے ہیں :-

In March and April, 1920 The Zhul-Qurnain of Badaun published an open letter from one Muhammad Abdul Qadir Bilgrami To Gandhi Advocating partition of The sub-continent, in which he gave even a list of muslim districts, generally speaking, not too different from The present boundaries of east and west Pakistan" ے۲

---

لے محمد مسعود احمد، پروفیسر: تحریک آزادیٔ ہند اور السواد الاعظم ص ۱۵۰-۵۱

ے۲ اشتیاق حسین قریشی، ڈاکٹر: دی سٹرگل فار پاکستان ص ۱۱۶

Marfat.com

(ترجمہ) مارچ اور اپریل ۱۹۲۰ء میں بدایوں کے ایک اخبار" ذوالقرنین" نے ایک صاحب محمد عبدالقدیر بدایونی کا گاندھی کے نام ایک کھلا خط شائع کیا تھا جس میں برصغیر کی تقسیم کی تجویز پیش کی گئی تھی۔ اس میں انھوں نے مسلم اضلاع کی فہرست تک دی تھی جو مشرقی و مغربی پاکستان کی موجودہ سرحدوں سے کچھ زیادہ مختلف نہ تھی۔

مذکورہ خط اخبار ذوالقرنین کے بعد ۱۹۲۰ء میں نظامی پریس بدایوں اور پھر تیسری بار ۱۹۲۵ء میں شائع ہوا پھر اس کے بعد ۱۹۲۵ء میں علی گڑھ سے شائع ہوا اس تجویز کی اس قدر اشاعت کے بعد یہ ناممکن سا نظر آتا ہے کہ یہ خط علامہ اقبال کی نظروں سے پوشیدہ رہا ہو۔ جبکہ علی گڑھ کے اساتذہ سے علامہ اقبال کے گہرے تعلقات بھی تھے۔ چنانچہ اگر یہ کہا جائے کہ علامہ اقبال نے ان حضرات کی تجاویز سے اور خصوصاً محمد عبدالقدیر بدایونی کی تفصیلی تجویز تقسیم ہند سے استفادہ کرتے ہوئے اسے مزید مقبول عام بنا کر عوامی پلیٹ فارم سے پیش کیا[1] تو اس میں کیا مضائقہ ہے؟ بہرحال اتنا تو واضح ہے کہ علامہ اقبال سے پہلے تقسیم ہند کی تجاویز منظر عام پر آچکی تھی۔ اور ہمیں اس واضح حقیقت سے آنکھیں چراتے ہوئے اپنے ان محسنوں کو فراموش نہیں کرنا چاہیئے۔

واضح رہے کہ محمد عبدالقدیر بدایونی اہلسنت وجماعت کے ممتاز فاضل عالم تھے[2]۔ اس سے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اہلسنت کے علماء کا قوم پر کس قدر احسان ہے، حتیٰ کہ تقسیم ہند کی تفصیلی تجویز بھی سب سے پہلے انہی کی طرف سے سامنے

---

[1] اشتیاق حسین قریشی، ڈاکٹر، دی اسٹرگل فار پاکستان صفحہ ۱۱۷

[2] محمد مسعود احمد، پروفیسر، تحریک آزادیٔ ہند اور السواد الاعظم صفحہ ۱۶۱

Marfat.com

آئی۔ مگر ستم کی بات یہ ہے کہ اہلسنت کی خاموشی کی وجہ سے تاریخ پاکستان کی صورت ہی بدل دی گئی ہے اور کتنے اہم تاریخ واقعات کو پس منظر میں دھکیل دیا گیا ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمارے مورخین اور محققین کشادہ دلی سے کام لے کر اہل سنت وجماعت کے کارناموں کو تاریخ میں محفوظ کریں۔ تاکہ قوم اپنے ان حقیقی محسنوں سے واقف ہو سکے۔

## آغازِ جدوجہد اور علمار اہلسنت

ہندو مسلم اتحاد سے بیزاری کے نتیجے میں جب تقسیم ہند کی تجویزیں سامنے آئیں تو پھر قوم مسلم نے ان تجاویز کو عملی جامہ پہنانے کے لیے عملی جدوجہد کا آغاز کر دیا اور یہ تاریخی حقیقت ہے کہ دو قومی نظریے کے احیار اور تقسیم ہند کی تجاویز کے بعد ان کے لیے عملی جدوجہد کے میدان میں بھی علمار اہلسنت ہی سرِفہرست نظر آتے ہیں۔

۱۹۲۰ء میں جب امام احمد رضا بریلوی نے ہندو مسلم اتحاد کے خلاف فتویٰ دیا تو اسی سال ہی علامہ محمد عبدالقدیر بدایونی نے جو کہ فاضل بریلوی کے مخلص میں سے تھے تقسیم ہند کی تجویز پیش کی اور پھر اس کے کچھ عرصہ بعد ہی ۱۹۲۵ء میں حضرت صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مقصد کو آگے بڑھانے اور عملی جامہ پہنانے کے لیے آل انڈیا سنی کانفرنس کی بنیاد رکھی[1]۔ اور اس کانفرنس کے پلیٹ فارم سے ایک منظم تحریک چلائی۔ حضرت صدرالافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین خود اس کانفرنس کے جنرل سیکرٹری منتخب ہوئے اور حضرت امیر ملت سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری اس کے صدر منتخب ہوئے۔ پھر

---

[1] ، محمد مسعود احمد، پروفیسر، تحریک آزادیٔ ہند اور السواد الاعظم

Marfat.com

علمار اہلسنت کی ہمہ گیر اکثریت نے اس کانفرنس کے پلیٹ فارم سے اپنی تاریخ ساز جدوجہد کا آغاز کر دیا۔

۱۹۲۵ء میں قائم ہونے والی اس تنظیم کی سرگرمیوں کو تحریک پاکستان کا راستہ ہموار کرنے میں بے حد مؤثر عمل دخل رہا ہے۔ بلکہ ایک موقع پر تو اس کانفرنس کے سٹیج سے یہ اعلان بھی کیا گیا کہ پاکستان بنانا سینوں کا کام ہے۔ اور اگر خدا نخواستہ کسی مرحلے پر مسٹر جناح یا دوسرے مسلم لیگی لیڈر مطالبہ پاکستان سے دستبردار بھی ہو جائیں تو اہلسنت پاکستان بنا کر دم لیں گے۔ ۱۹۴۶ء تک اس تنظیم نے اپنی فعال سرگرمیوں کے ذریعے مسلمان قوم کے دلوں میں ولولۂ تازہ پیدا کیا اس دوران قومی افق پر بھی مختلف تبدیلیاں آتی گئیں۔ بہت سے مسلمان لیڈر جو پہلے ایک قومی نظریے کے پرچار کرتے تھے بعد میں دو قومی نظریے کو اپنا کر مسلم لیگ کے ہمسفر بن گئے۔ جن میں قائد اعظم محمد علی جناح بھی شامل تھے۔ اور جن کو خدا تعالیٰ نے قائدانہ صلاحیتوں سے نوازا تھا۔ اس دوران علمار اہلسنت نے نہ صرف اپنی سطح پر دو قومی نظریئے کی بنیاد پر سرگرمیاں جاری رکھیں بلکہ اس سلسلے میں کسی بھی طبقے کی طرف سے ہونے والی کوششوں سے بھرپور تعاون کیا۔ جن میں مسلم لیگ کی کوششیں سرفہرست ہیں۔ مسلم لیگ کو اس قدر مقبولیت اور اہمیت انہی علمار اہلسنت کی تائید و نصرت سے حاصل ہوئی۔

جب آل انڈیا سنی کانفرنس کے قائدین نے دیکھا کہ اب قوم کو مسٹر محمد علی جناح کی قیادت میں ایک مخلص لیڈر مل گیا ہے تو انہوں نے بھی قائد اعظم کے ہاتھ مضبوط کرنے کے لیے اپنی ملک گیر کوششیں شروع کر دیں۔ اور جس کا نتیجہ اس مملکتِ خدادادِ پاکستان کے قیام کی صورت میں نکلا۔

اس دوران آل انڈیا سنی کانفرنس کے سٹیج سے جن نامور شخصیات نے قوم و ملت

Marfat.com

بے بہا خدمات سرانجام دیں ان میں نمایاں نام صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی، مولانا عبد الحامد بدایونی، مولانا شاہ عبد العلیم میرٹھی (والد ماجد قائد اہلسنت علامہ الشاہ احمد نورانی صدر جمعیت علمائے پاکستان) امیر ملت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری اور حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کے ہیں حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی بعد میں آل انڈیا سنی کانفرنس کے صدر بھی بنے اور ۱۹۴۶ء میں بنارس سنی کانفرنس میں آپ نے وہ عظیم الشان تاریخی خطبہ ارشاد فرمایا جس کا ایک ایک لفظ اور ایک سطر سطر آج بھی آپ کے سیاسی تدبر اور آپ کی فہم وفراست کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس خطبے میں آپ نے اسی دور میں درپیش مسلمانوں کے سیاسی، معاشی، اقتصادی مسائل پر ایسے دلنشیں انداز میں روشنی ڈالی کہ اس خطبے نے مسلمانوں میں ایک ایسا ولولۂ تازہ اور احساس کی ایسی روح پھونکی کہ جس نے ان کے قلب وذہن کو بھی پاکستان کے مقابلے کا ہمنوا بنا دیا اس عظیم الشان تاریخی خطبے پر تفصیلی تبصرہ ہم آئندہ صفحات میں پیش کریں گے افسوس کہ علماء اہلسنت کی باقی کوششوں کی طرح اس عظیم الشان تنظیم کی تاریخ ساز سرگرمیاں بھی مورخین کی بے اعتنائی کا شکار ہو کر رہ گئیں ہیں اور وہ تنظیم جو ربع صدی تک مسلمانانِ ہند کی راہنمائی کرتی رہی اور ان کی شیرازہ بندی کے فرائض سرانجام دیتی رہی آج نوجوان نسل اس کے نام سے بھی ناواقف ہے۔

اس قسم کی تمام ترجانبدارانہ کوششوں کے باوجود جب بھی کوئی مورخ دیانتداری سے تاریخ تحریک پاکستان کا مطالعہ کرے گا۔ اسے اس میدان میں ہر طرف علماء اہلسنت کے رفیع الشان کارناموں کے جھنڈے لہراتے نظر آئیں گے۔

## علماء کا ایک اور گروہ اور اس کا کردار

تحریکِ پاکستان کی اسی تاریخ ساز جدوجہد میں جہاں علماء اہلسنت کا یہ

Marfat.com

روشن اور تابندہ کردار رہا وہاں علماء کا بھی ایک اور گروہ ایسا تھا جنہوں نے اس دور میں مسلمانوں کے مذہبی، ثقافتی اور سیاسی ورثے کے محافظ دو قومی نظریے کی بجائے ایک قومی نظریے کی حمایت کی جو گاندھی کے عیارانہ ذہن کی پیداوار تھا۔ حیرت کی بات ہے کہ ایک قومی نظریے کی اسلام دشمنی اور اس کے اثرات اتنے واضح ہونے کے باوجود جبہ و دستار کے حامل اور منبر و محراب کے ان وارثوں نے اپنے ذہن کی غیر مستقیم سوچ پر عمل پیرا ہوتے ہوئے سات کروڑ عوامِ مسلم کے مقابلے میں اپنا سارا وزن ہندوؤں کے پلڑے میں رکھ دیا۔ اور یہ گروہ ان علماء کا تھا جو دیوبند سے متعلق تھے [1]۔

ان علماء نے نہ صرف دو قومی نظریے کی مخالفت کی بلکہ اس کے بعد تحریک پاکستان کی جدوجہد کے خلاف بھی اپنے عناد اور مکروہ کردار کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ اور تاریخ کے صفحات ان کے اس طرزِ عمل کی داستانوں سے بھرے پڑے ہیں۔

آیئے: تحریک پاکستان کے اس مختصر سے پس منظر کے بعد ہم تحریکِ پاکستان میں حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کے کردار کا تفصیلی جائزہ لیتے ہیں۔

---

[1] مقدمہ اکابر تحریک پاکستان صفحہ ۱۶ از محمد صادق قصوری و خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس از محمد جلال الدین قادری

[2] محمد صادق قصوری: مقدمہ اکابر تحریک پاکستان ج ا ص ۱۶

(ب) محمد جلال الدین قادری، مولانا: خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس

Marfat.com

# حضرت محمد محدث کچھوچھوی رحمۃ اللہ علیہ

## تحریک پاکستان کے آئینے میں

دنیا میں شخصیات ایسی بھی ہوتی ہیں جو اس عالم میں شمع کی طرح زندگی گزارتی ہیں۔ وہ لوگ خود جلتے ہیں لیکن دوسروں کو روشنی پہنچاتے ہیں۔ ان کے پیش نظر اپنی ذات کے لیے کسی منفعت کا حصول نہیں ہوتا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رضا کی خاطر اجتماعی اور قومی سرگرمیوں میں اپنی زندگیاں صرف کر دیتے ہیں۔ اور پھر ان کی اس جدوجہد سے وہ اجالا پھیلتا ہے جس کی تابناکیاں جہاں بھر کو منور کر دیتی ہیں۔

حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کی ذات گرامی بھی اس ذیل کے افراد اور شخصیات میں تھی۔ ان کی زندگی کا قیمتی دور قوم اور ملت کے لیے وقف رہا۔ آپ کی تعلیم و تربیت کے کچھ عرصہ بعد ہی آپ کے مقدس نانا جان نے آپ کو اعلان حق کے لیے وقف کر دینے کا فیصلہ کیا اور اس کے بعد آپ کی زندگی اسی مقدس جدوجہد میں گزری۔ چنانچہ اس سلسلے میں آپ کے نانا جان حضرت سید محمد علی حسین اشرفی الجیلانی نے آل انڈیا سنی کانفرنس مرادآباد میں اپنے خطاب کے آخر میں فرمایا:

"اس وقت میری عمر کا بڑا حصہ گزر چکا ہے اور ضعیفی و ناتوانی نے اس طرح مجھ کو گھیر لیا ہے کہ میں ایک عضو معطل ہو کر رہ گیا ہوں۔ اور سخت

Marfat.com

شرمندہ ہوں کہ اس مقدس تحریک کی کوئی مقدس نذر پیش کرکے میں حق سے سبکدوش نہیں ہو سکتا :

ہاں ؛ میری اسّی برس کی کمائی میں صرف دو چیزیں ہیں جن کی قیمت کا اندازہ اگر آپ میری نگاہ سے کریں گے تو ہفت اقلیم کی تاجداری ہیچ نظر آئے گی ۔ یہ میری بڑی قیمتی کمائی ہے جس پر مجھ کو دنیا میں ناز ہے اور آخرت میں فخر ہوگا ۔ جس کو میں کبھی بھی اپنے سے جدا نہیں کر سکتا تھا لیکن آج اعلانِ حق کے لیے میں اپنی ساری کمائی نذر کر رہا ہوں ۔ میرا اشارہ پہلے اپنے لختِ جگر و نورِ عین مولانا الحاج ابوالمحمود سید احمد اشرف اشرفی الجیلانی پھر اپنے نواسہ و جگر پارہ مولانا الحاج ابوالمحامد سید محمد محدث اشرفی جیلانی کی طرف ہے ۔ جن دونوں کی ذات میری ضعیفی کا سرمایہ ہے ۔ میں آج ان جگر کے ٹکڑوں کو نذر پیش کرتا ہوں کہ "اعلانِ حق" میں حیات کی آخری ساعتوں تک سنت و اہل سنت کی جو خدمت سپرد کی جائے اس میں میری تربیت و حقوق کا حق ادا کریں "[1]

آپ کے نانا جان کے اس اعلان کے بعد آپ مکمل طور پر اس "حق" کی ادائیگی کے لیے کمربستہ ہو گئے ۔ جس کی طرف آپ کے نانا جان نے اشارہ فرمایا تھا ۔

## آل انڈیا سنی کانفرنس کے سٹیج سے آپ کی جدوجہد

ہم نے گزشتہ صفحات میں عرض کیا ہے کہ برصغیر کے علمائے اہلسنت کے پاس اس وقت ایک مؤثر سٹیج آل انڈیا سنی کانفرنس کا تھا ۔ جس نے ۱۹۲۵ء میں اپنے

---

[1] محمد جلال الدین قادری ، مولانا ، خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس ص ۱۳۶

سید علی حسین اشرفی ، پیر طریقت ، شاہ : الخطبۃ الاشرفیہ ص ۱۲

Marfat.com

قیام کی ابتدا سے ہے کر ہندو مسلم اتحاد کی زہر فشانیوں سے قوم کو آگاہ کیا۔ دو قومی نظریے کا بھرپور پرچار کیا اور اس کے بعد تقسیم ہند کی تجاویز سامنے آنے کے بعد تحریک پاکستان کی کامیابی کے لیے اپنی تمام تر توانیاں سے راستہ ہموار کیا۔

حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی نے بھی اسی کانفرنس کے پلیٹ فارم سے اپنی قومی و ملی جدوجہد کا آغاز کیا۔ اور اس سلسلے میں آپ کے کردار کو ایک نمایاں اور منفرد مقام حاصل ہے۔ آپ کانفرنس کے عروج پر اس کے سربراہ بھی رہے۔ اور آپ کی سربراہی میں منعقد ہونے والی کانفرنس کے ملک گیر اجلاسوں میں تحریک پاکستان کی تائید و حمایت کی قراردادیں منظور کی گئیں۔ ۱۹۴۶ء میں آپ ہی کی سربراہی میں منعقد ہونے والی آل انڈیا سنی کانفرنس' بنارس کے اجلاس میں مطالبۂ پاکستان کی پرزور حمایت میں مندرجہ ذیل قرارداد پاس کی گئی۔

"آل انڈیا سنی کانفرنس کا یہ اجلاس مطالبہ پاکستان کی پرزور حمایت کرتا ہے۔ اور اعلان کرتا ہے کہ علماء و مشائخ اہلسنت اسلامی حکومت کے قیام کی تحریک کو کامیاب بنانے کے لیے ہر امکانی قربانی کے واسطے تیار ہیں۔ اور یہ اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ ایک ایسی حکومت قائم کریں جو قرآن و حدیث کی روشنی میں فقہی اصول کے مطابق ہو" [۱]

برصغیر کا وہ اجتماع جس میں دو ہزار علماء و مشائخ عظام اور دو لاکھ سے زائد سنی مسلمان موجود ہوں اس اجتماع میں ایسی قرارداد کی منظوری ملکی و قومی سطح پہ کیا اثرات و نتائج مرتب کر سکتی ہے ؟ یہ حقیقت شناس نظر سے پوشیدہ نہیں۔

---

[۱] محمد جلال الدین قادری، مولانا، خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۲۸۳

Marfat.com

اور ان کانفرنسوں اور ان میں منظور کی جانے والی قرار دادوں اور اس میں مسلمانوں کے اقتصادی معاشی اور سیاسی مسائل پر کی جانے والی تقریروں سے وہ اثرات مرتب ہوئے جنہوں نے قیام پاکستان کی منزل کو قریب سے قریب تر کر دیا۔

اور اس جگہ ایک اور بات قابلِ توجہ ہے کہ یہ علماء و مشائخ محض وقتی طور پر کسی داخلی یا خارجی جذبے سے مجبور ہو کر ایسا نہیں کر رہے تھے بلکہ انہوں نے ہر حال میں اور ہر صورت میں ایک آزاد اسلامی مملکت کے قیام کا عزم کر رکھا تھا اور انہوں نے اس کے لیے باقاعدہ طور پر منصوبہ بندی بھی شروع کر دی تھی۔ چنانچہ بنارس کی اس عظیم الشان کانفرنس میں پیش کیے جانے والا مجوزہ فیصلہ اس پر شاہد ہے۔ اور وہ مجوزہ فیصلہ مندرجہ ذیل تھا۔

"یہ اجلاس تجویز کرتا ہے کہ اسلامی حکومت کے لیے مکمل لائحہ عمل مرتب کرنے کے لیے حسب ذیل حضرات کی ایک کمیٹی بنائی جاتی ہے۔

۱۔ حضرت مولانا شاہ ابوالمحامد سید محمد صاحب محدث اعظم ہند کچھوچھوی
۲۔ حضرت صدر الافاضل استاذ العلماء مولانا مولوی محمد نعیم الدین صاحب
۳۔ حضرت مفتیٔ اعظم ہند مولانا مولوی شاہ مصطفےٰ رضا خان صاحب
۴۔ حضرت صدر الشریعہ مولانا مولوی امجد علی صاحب
۵۔ مبلغ اسلام مولانا مولوی عبدالعلیم صاحب صدیقی میرٹھی
۶۔ حضرت مولانا مولوی عبدالحامد صاحب قادری بدایونی
۷۔ حضرت مولانا مولوی سید شاہ دیوان آل رسول علی خان صاحب سجادہ نشین اجمیر شریف۔
۸۔ حضرت مولانا، ابوالبرکات سید احمد صاحب لاہور۔
۹۔ حضرت مولانا شاہ قمر الدین صاحب سیالوی سجادہ نشین سیال شریف

Marfat.com

۱۰۔ حضرت پیر سید شاہ عبدالرحمٰن صاحب بھرچونڈی شریف۔

۱۱۔ حضرت مولانا شاہ سید زین الحسنات صاحب مانکی شریف

۱۲۔ خان بہادر حاجی بخشی مصطفےٰ علی صاحب (مدراس)

۱۳۔ حضرت مولانا ابوالحسنات سید محمد احمد صاحب لاہور" لے

غور فرمایئے: کہ جن لوگوں نے پختہ عزائم کے ساتھ ایک اسلامی حکومت کے لیے تفصیلی لائحۂ عمل کی تیاری بھی شروع کر دی ہو اور ان کے تحریک پاکستان کے متعلق عزائم کیا ہوں گے؟ اور یہ سب کچھ حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کی سربراہی میں ہوا۔

## بنارس کانفرنس میں آپ کا تاریخ ساز خطبہ

بنارس میں منعقد ہونے والی آل انڈیا سنی کانفرنس ہی میں ہی آپ نے وہ "تاریخ ساز خطبۂ صدارت ارشاد فرمایا کہ اگر تحریک پاکستان میں آپ کی جدوجہد کے بارے میں دوسری خدمات کا حوالہ نہ دیا جائے اور صرف اسی خطبے کو بطورِ حوالہ پیش کر دیا جائے تو یہ تحریکِ پاکستان کی جدوجہد میں آپ کا عظیم مقام متعین کرنے کے لیے کافی ہے۔ آپ نے اس خطبہ میں مسلمانوں کے جہاں دیگر مسائل و مصائب کا تذکرہ کیا ہے وہاں خاص طور پر وہ حصے قابلِ مطالعہ ہیں جہاں آپ نے پاکستان کا مفہوم اور اس کی شرعی ضرورت، قیامِ پاکستان پر اعتراضات اور اس کے جوابات، مسلم لیگ اور آل انڈیا سنی کانفرنس کے پروگرام، اور آل انڈیا سنّی کانفرنس کی طرف سے مطالبۂ پاکستان کی بے دریغ حمایت کے سلسلے میں اظہار خیال فرمایا ہے۔ آپ کا یہ خطبہ نہ صرف فصاحت و بلاغت کا ایک حسین اور دلنشیں شاہکار ہے بلکہ اس میں ذہین، دوررس، مدبّر اور گہرے سوچ و فکر کے حامل، دردمند دل رکھنے والے کسی عظیم سیاستدان اور مایۂ ناز مذہبی و

---

لے محمد جلال الدین قادری، مولانا خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۲۸۳

Marfat.com

روحانی راہنما کے ذہن کی کارفرمائی واضح طور پر نظر آتی ہے۔ اس خطبے کا ایک ایک لفظ مسلمانوں کے تمام مسائل کا احاطہ کرتا اور ان کا مداوا پیش کرتا نظر آتا ہے۔ آئندہ سطور میں ہم اس خطبے کا ایک تفصیلی جائزہ پیش کرتے ہیں۔ تاکہ پتہ چل سکے کہ اہلسنت کے علماء و مشائخ اور اکابرین کی سوچ کتنی بلند تھی۔

## آپ کے تاریخ ساز خطبہ کا تفصیلی جائزہ

ہم نے عرض کیا ہے کہ بنارس سنی کانفرنس میں آپ کا خطبہ مسلمانوں کے تمام مصائب و مسائل کا احاطہ کرتا تھا اور ان کا مداوا پیش کرتا تھا اور اس کے علاوہ اس میں بہت سے قومی و بین الاقوامی مسائل پر مدبرانہ گفتگو کی گئی تھی۔ لیکن ہم اپنے موضوع کے پیش نظر آپ کے خطبے کے صرف وہی حصے پیش کریں گے جو تحریک پاکستان سے متعلق ہوں گے۔ اور ان اقتباسات کے پیش کرنے کا مقصد بھی یہی ہے کہ یہ بات واضح ہو جائے کہ تحریک پاکستان کے بارے میں آپ کے جذبات و احساسات اور آپ کی سوچ کیسی تھی؟

## پاکستان کے مختلف مفہوم

جس دور میں قیام پاکستان کی تحریک زوروں پر تھی ان دنوں تقریباً تمام سیاسی لیڈر پاکستان کا لفظ استعمال کرتے تھے۔ حتیٰ کہ بعض ایسے طبقے جو مسلم لیگ سے متفق نہیں تھے وہ پاکستان کے قیام کا نعرہ لگا رہے تھے۔ صاف ظاہر ہے کہ جب ایک لفظ مختلف لوگ استعمال کریں گے تو ان کے ذہن میں ان کا مفہوم بھی ایک دوسرے سے کچھ مختلف ہوگا۔ لہٰذا دیکھنے کی بات یہ تھی کہ کس کے نزدیک پاکستان کا کیا تصور و مفہوم تھا؟

چنانچہ اس کے متعلق آپ نے ارشاد فرمایا:

" میرے دینی رہنماؤ! میں نے عرضداشت میں ابھی ابھی پاکستان کا لفظ استعمال کیا ہے۔ اور پہلے بھی کئی جگہ پاکستان کا لفظ آچکا ہے

Marfat.com

ملک میں اس لفظ کا استعمال روزمرہ بن گیا ہے درودیوار پہ پاکستان زندہ باد تجاویز کی زبان میں پاکستان ہمارا حق ہے، نعروں کی گونج میں پاکستان لے کے رہیں گے؛ مسجدوں میں، خانقاہوں میں، بازاروں میں، دیوانوں میں لفظِ پاکستان لہرارہا ہے۔ اس لفظ کو پنجاب کا یونینسٹ لیڈر بھی استعمال کرتا ہے۔ اور ملک بھر میں ہر لیگی بھی بولتا ہے۔ اور ہم سنیوں کا بھی یہی محاورہ ہو گیا اور جو لفظ مختلف ذہنوں کے استعمال میں ہو اس کے معنی مشکوک ہو جاتے ہیں۔ جب تک بولنے والا اس کو واضح طور پر نہ بتا دے۔ [1]

اور پھر اس نکتہ کی طرف اشارہ کرنے کے بعد آپ نے مختلف مفہوموں کا تجزیہ کیا۔ اور آخر میں یہ بھی بتایا کہ سُنی کیسا پاکستان چاہتے ہیں؟ اس میں بھی آپ دیکھیں گے کہ آپ نے سنیوں کی طرف سے پاکستان کا جو مفہوم پیش کیا۔ وہ امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔ چنانچہ سب سے پہلے یونینسٹ ذہن کے پاکستان کے متعلق فرماتے ہیں

"یونینسٹ کا پاکستان وہ ہو گا جس کی مشینری دار جوگندر سنگھ کے ہاتھ میں ہو گی" [2]

پھر مسلم لیگ کے مفہوم پاکستان کے متعلق فرمایا

" لیگ کے پاکستان کے متعلق دوسری قومیں چیختی ہیں کہ اب تک اس نے پاکستان کے معنی نہیں بتائے اور جو بتائے وہ بھی الٹے پلٹے ایک دوسرے سے لڑتے بتائے۔ اگر یہ صحیح ہے تو لیگ کا ہائی کمانڈ اس کا ذمہ دار ہے

---

[1] محمد جلال الدین قادری، مولانا، خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۲۷۵-۲۷۶

[2] ایضاً

Marfat.com

لیکن جب سینوں نے لیگ کے اس پیغام کو قبول کیا ہے۔ اور جس یقین پر اس مسئلہ میں مسلم لیگ کی تائید کرنے پھر رہے ہیں وہ صرف اس قدر ہے کہ ہندوستان کے ایک حصے پر اسلام کی، قرآن کی آزاد حکومت قائم ہو، جس میں غیر مسلم ذمیوں کے جان و مال عزت و آبرو کو حسب حکم شرع امن دی جائے۔ ان کو ان کے معاملات کو ان کے دین پر چھوڑ دیا جائے وہ جانیں ان کا دھرم جانے اُن کو اَتِمُّوا اِلَیهِم عَهدَهُم سنا دیا جائے اور بجائے جنگ و جدل کے صلح و امن کا اعلان کر دیا جائے۔ اگر سینوں کی اس سمجھی ہوئی تعریف کے سوا لیگ نے کوئی دوسرا راستہ اختیار کیا تو کوئی سنی قبول نہیں کرے گا۔ ان سینوں نے نہ دستورِ اساسی پڑھا ہے نہ تجاویز پڑھی ہیں۔ نہ اخبارات کے ہفتہ وار ایڈیٹوریل دیکھے ہیں نہ غیر ذمہ داروں کے لیکچر سُنے۔ وہ صرف اتنا سمجھ کر کہ قرآنی حکومت، اسلامی اقتدار لیگ کا مقصد ہے اس کے ساتھ ہو گئے ہیں۔ اور ان کو چھوڑ کر لیگ باقی ہی نہیں رہتی۔ اس کے دستورِ اساس کا کیا سوال ہے؟ اب تو تمام سینوں نے جو یقین کر لیا ہے وہی دستورِ اساسی بھی ہے۔ وہی تجاویز متفقہ بھی ہیں۔ لیگ ان کے لیے کوئی نیا دین نہیں ہے۔ جس کو سوچ سمجھ کر، ٹھونک بجا کر قبول کیا جائے۔ بلکہ لیگ ان کے جذبات کی محض ترجمان ہے۔ جس کو وہ ہر معترض سے زیادہ خود سمجھ رہے ہیں۔[1]

اسی دوران میں سرحدی گاندھی غفار خان کے بڑے بھائی ڈاکٹر خان نے جو کہ پہلے قیام پاکستان کا کٹر مخالف تھا لیکن جب تحریک پاکستان کو کامیاب

---

[1] محمد جلال الدین قادری، مولانا: خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۲۷۶

Marfat.com

ہوتے دیکھا تو پاکستان کا راگ الاپنے لگا) بھی وزارتی کمیشن کے سامنے پاکستان کی ایک تجویز پیش کی تھی۔ اس کے متعلق بڑے طنزیہ انداز میں آپ نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا۔

"کہ حال ہی میں وزارتی کمیشن کے سامنے سنا جاتا ہے کہ ڈاکٹر خان بھی پاکستان کا نعرہ لگا کر گئے ہیں۔ لیکن یہ پاکستان ایسا ہے کہ جس کو سن کر پاکستان کا بڑے سے بڑا دشمن بھی ناراض نہیں۔ کیا عجب ہے کہ ۴۵ گز کے پاجامے پہننے والے کے لیے لنگوٹیا پاکستان بنانا منظور ہو۔ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العظیم" [1]

مندرجہ بالا اقتباسات سے ایک بات تو یہ واضح ہوتی ہے کہ آپ کی ملکی سیاست کے نشیب و فراز پر گہری نظر تھی۔ اور پھر آپ ہر جماعت کے پروگرام کے نشیب و فراز اور اس کے اثرات و مضمرات سے پوری طرح واقف تھے چنانچہ یونینسٹوں کا تصور پاکستان پیش کرتے ہوئے مسلمانوں کو اس خطرے سے آگاہ کیا کہ اگرچہ وہ لوگ پاکستان بنانے کا نعرہ لگا رہے ہیں لیکن ان کے پیش نظر مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کو سردار جوگندر سنگھ کی حکمرانی میں دے دیا جائے اور پھر ڈاکٹر خانی پاکستان کے متعلق اقتباس میں قوم کو اس خطرے کی طرف توجہ دلائی کہ وہ ادھورا پاکستان چاہتے ہیں اور مسلم لیگ کے تصور پاکستان کے متعلق آپ نے جو تبصرہ فرمایا اس میں آپ نے واضح کر دیا کہ مسلم لیگ کا دستور اساسی یا دوسری چیزیں خواہ کچھ بھی کہتی رہیں لیکن سنی مسلم لیگ کا اس لیے ساتھ دے رہے ہیں کہ ان کے تصور میں یہی ہے کہ مسلم لیگ ایک ایسی آزاد اسلامی حکومت قائم کرے گی جس میں قرآن و سنت کی حکمرانی ہوگی اس لیے مسلم لیگ کو مسلمان قوم کے یہ جذبات مدنظر رکھنے چاہئیں۔

---

[1] محمد جلال الدین قادری مولانا: آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۲۷۷

Marfat.com

# سُنّیوں کا عظیم تر تصوّرِ پاکستان

اور پھر ان تمام مضمون کی وضاحت کے بعد آپ نے فرمایا کہ آل انڈیا سنی کانفرنس کے پیشِ نظر پاکستان کی کیا شکل ہے؟ آپ کے خطبے کے اقتباس کو پڑھیے اور پھر گزشتہ مضمون سے تقابل کر کے آپ کے پاکیزہ عزائم اور آپ کی فہم و فراست کو داد دیجئے آپ فرماتے ہیں!

" لیکن آل انڈیا سنی کانفرنس کا پاکستان ایسی ایک خود مختار آزاد حکومت ہے جس میں شریعتِ اسلامیہ کے مطابق فقہی اصول پر کسی قوم کی نہیں بلکہ اسلام کی حکومت ہو جس کو مختصر طور پر یوں کہیے کہ خلافت راشدہ کا نمونہ ہو۔ ہماری آرزو ہے کہ اسی وقت ساری زمین پاکستان ہو جائے۔ لیکن اگر عالم اسباب میں رفتہ رفتہ، درجہ بدرجہ، حصہ بحصہ، تھوڑا تھوڑا کر کے پاکستان بنتا جائے تو اس کو بنایا جائے۔ کسی حصۂ زمین کو پاکستان بنانا اس کے سوا کسی دوسرے حصہ کے ناپاک رہنے پر رضامندی نہیں ہے۔ بلکہ عالم اسباب میں حکمت، تدریج ہے۔ ہندوستان تک صحابہ کرام نہیں پہنچے تو وہ اس لیے نہ تھا کہ ہندوستان کے کفریات و شرکیات سے راضی تھے۔ بلکہ اس کا سبب یہ تھا کہ اَلْاُمُوْرُ مَرْهُوْنَةٌ بِاَوْقَاتِهَا صلح حدیبیہ کا یہ ترجمہ کسی جانور نے بھی یہ نہیں کیا کہ اس میں مکہ کے کفر و کفار سے رضامندی پائی جاتی ہے۔ بلکہ عالم اسلامی کو صاف نظر آنے لگا کہ مکہ جلد پاکستان ہونے والا ہے۔ معاہدے اور صلحنامے وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ کی تعمیل میں ہوتے ہیں۔ اور بعد استطاعت خود ختم ہو جاتے ہیں۔ آل انڈیا سنی کانفرنس کے پاکستان کے خلاف زبان کھولنے اور قلم چلانے سے پہلے خوب سوچ لیا جائے کہ داورِ حشر کے سامنے

Marfat.com

کیا منہ لے کر جائیں گے؟ پاکستان میں اس مجرم کو نہ بخشا جائے گا۔ جو کلمہ پڑھ کر اپنے کو سنی کہہ کر اسلامی اقتدار کے تصور سے چڑتا ہو۔[1]

سُنیوں کی طرف سے پاکستان کا تصور پیش کرتے ہوئے جو مفہوم اور خاکہ آپ نے پیش کیا وہ عظیم ذہن کی عظیم سوچ ہے۔ دیکھئے کیسا حسین، پیارا اور دلنشیں تصور ہے کہ سنی ایسا پاکستان بنانا چاہتے ہیں جس میں خلافت راشدہ کا نظام رائج ہو۔ اور پھر آپ صرف کسی مخصوص خطۂ ارض پر اسلام کی حکمرانی پر ہی اکتفا نہیں کرتے بلکہ اسے عالمگیر غلبۂ اسلام کا پیش خیمہ قرار دے کر اسے قبول کر رہے ہیں۔ اور فرما رہے ہیں کہ آل انڈیا سنی کانفرنس کے پیش نظر اصل مقصد پوری دنیا پر اسلام کی حکمرانی قائم کرنا ہے۔ یہ بات جہاں فکر و شعور کی گہرائی، عزائم کی بلندی اور ارادوں کی عظمت کا پتہ دیتی ہے۔ وہاں سنیوں کے لیے، ان اکابرین کے عقیدت مندوں، ماننے والوں کے لیے اور اس دور کی سنی قیادت کے لیے بھی لمحۂ فکر یہ ہے کہ آپ کے بزرگ آپ کو کتنی عظیم سوچ دے گئے ہیں؟ کتنا مقدس مشن سونپ گئے ہیں؟ لیکن کیا ہم نے یہ عظیم مشن پایۂ تکمیل تک پہنچایا؟ اس بات کا جواب یقیناً نفی میں ہے۔ تو پھر ہمیں چاہیئے کہ آج ہی ہم محبت و اخوت کا مظاہرہ کرتے ہوئے متحد و متفق ہو کر تمام تر توانائیوں کے ساتھ اس عظیم مشن کے لیے سرگرم عمل ہو جائیں۔

## سُنیوں کے عظیم پروگرام کی ایک اور جھلک

حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی نے اپنے اسی خطبۂ صدارت میں ایک مقام پر مسلم لیگ اور آل انڈیا سنی کانفرنس کے پروگرام پر بھی قدرے تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ مسلم لیگ کا پروگرام اگرچہ فائدہ بخش ہے لیکن

[1] محمد جلال الدین قادری، مولانا؛ خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۲۷۷

Marfat.com

وہ عارضی ہے۔لیکن اس کے برعکس آل انڈیا سنی کانفرنس کا پروگرام مضبوط اور مستقل بنیادوں پر ہے اور دائمی نوعیت کا ہے۔ چنانچہ آپ ارشاد فرماتے ہیں:۔

"حضرات! سطور بالا میں مسلم لیگ کا نام آگیا ہے۔ اور اس طرح آیا ہے کہ وہ سنی کانفرنس کے بالکل ایک جداگانہ نظام ہے۔اور حقیقت بھی یہی ہے۔مسلم لیگ کا پروگرام عارضی ہے۔جو صرف پاکستان پر ختم ہو جاتا ہے۔ اور آل انڈیا سنی کانفرنس کا پروگرام دوامی ہے۔پاکستان کی تعمیر کا۔اور مسلم لیگ کو سنی مسجدوں، سنی اماموں، سنی خانقاہوں، مدرسوں، عرسوں، میلادوں، مذہبی تصنیف گاہوں سے کوئی سروکار نہیں اور نہ وہ صرف سنیوں کے نام پر کام کرتی ہے۔پاکستان کا حق ملا تو مسلم لیگ کو نہیں ملے گا۔برطانوی مسلمانوں کو ملے گا۔اور ان میں غلبہ محمدی مسلمانوں یعنی سنیوں کا ہے۔تو پاکستان کا حق سنیوں کو ملے گا۔سنی کیسا پاکستان بنائیں گے اس میں کسی بحث کی گنجائش نہیں۔عہد صدیقی کو دیکھ لیا جائے، دورِ فاروقی کی سیر کر لی جائے، عثمانی زمانہ کو نظر کے سامنے لایا جائے، خلافتِ علویہ کا دیدار کر لیا جائے۔اسی قسم کا پاکستان بنائیں گے۔اگر سنیوں کو زندہ رہنے کا، اپنے دین کی حفاظت کرنے کا، اپنے مستقبل کو سنوارنے کا۔اپنی قوم کو ہلاکت سے بچانے کا، اپنی مسجدوں کو آراستہ کرنے کا اپنی خانقاہوں کو سجانے کا۔اپنے اداروں کو درست رکھنے کا حق دوسری قوموں کی طرح ہے اور ضرور ہے تو پھر ہر تنظیم سے زیادہ ضروری سنیوں کے لیے آل انڈیا سنی کانفرنس ہے..........

......ہم سے مسلم لیگ کو اسی کی امید رکھنی چاہیئے کہ اس کا جو قدم سنیوں کے سمجھے ہوئے پاکستان کے حق میں ہوگا اور اس کے جس پیغام

Marfat.com

میں اسلام و مسلمین کا نفع ہو گا۔ آل انڈیا سنی کانفرنس کی تائید اس کو بے دریغ حاصل ہو گی، اور دینی امور میں ہاتھ لگانے سے پہلے آل انڈیا سنی کانفرنس کی راہنمائی اس کو قبول کرنا پڑے گی اور ضرور کرنا پڑیگی [1]

مندرجہ بالا اقتباس سے دو حقیقتیں بے نقاب ہو کر سامنے آتی ہیں ۔ ایک تو یہ کہ مسلم لیگ اور آل انڈیا سنی کانفرنس کے پروگرام میں فرق ہے ۔ اور وہ یہ کہ مسلم لیگ مسلمانوں کے لیے محض علیحدہ وطن کی طلب گار ہے ۔ لیکن آل انڈیا سنی کانفرنس کا نصب العین اس سے کہیں آگے بڑھ کر ہے ۔ وہ صرف ایک علیحدہ خطۂ ارض حاصل کرنے کو ہی اپنا مقصد قرار نہیں دیتی بلکہ اس کے بعد اس میں خلافتِ راشدہ کی طرز کی حکومت کو قائم کرنا اپنا نصب العین ٹھہراتی ہے ، اس لحاظ سے کانفرنس کا پروگرام مسلم لیگ سے بہتر ہے ۔

حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کے کردار کا تجزیہ کرتے ہوئے ان کی عظمتوں کا اعتراف کرنا پڑتا ہے ۔ وہ صرف خود کو تحریک پاکستان تک ہی محدود نہیں رکھ رہے ۔ بلکہ اس تحریک کی کامیابی کے بعد ایک دیرپا اور مستقل پروگرام قوم کو دے رہے ہیں ۔ جو کہ خلافِ راشدہ کی طرز پر حکومت کے قیام کا ہے ۔

اور دوسری بات مندرجہ بالا اقتباس سے یہ سامنے آتی ہے کہ آل انڈیا سنی کانفرنس کے پیش نظر صرف قوم کی سیاسی بہتری کا ہی پروگرام نہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ وہ قوم کی مذہبی راہنمائی بھی کرنا چاہتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ مسلم لیگ کو فراخدلانہ اور بے دریغ تائید کی پیش کش اس شرط پر کر رہی ہے کہ اس کے اقدامات اسلام اور مسلمین کی فلاح و بہبود کے لیے ہوں گے ۔

---

[1] خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس ص ۲۷۸

Marfat.com

بنارس سنی کانفرنس میں حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کے خطبہ صدارت کے اقتباسات کا یہ مختصر سا جائزہ اس بات کی نشاندہی کر رہا ہے کہ آپ کو پاکستان سے کس قدر محبت تھی اور تحریک پاکستان کے لیے آل انڈیا سنی کانفرنس کے سٹیج سے کس طرح کوششیں فرما رہے تھے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ یہ کہ وہ مرغِ بادنما کی طرح سیاست کے طوفانی تھپیڑوں میں کبھی اِدھر سے اُدھر اور اُدھر سے اِدھر نہیں بہتے پھر رہے تھے۔ بلکہ ان کے سامنے ملک و ملت کی بھلائی کا اپنا ایک مستقل مضبوط اور دائمی پروگرام تھا۔ اور جس تحریک میں اس پروگرام کی جھلک ملتی تھی وہ اس کے لیے بے دریغ تعاون کرنے کے لیے تیار تھے۔

## آل انڈیا سنی کانفرنس اجمیر میں آپ کا ایک اور خطبہ

سن ۱۹۴۶ء کے دوران ہی ماہِ جون میں آپ نے خواجہ ہند حضرت خواجہ معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے آستانہ مبارک پر منعقدہ آل انڈیا سنی کانفرنس کے خصوصی اجلاس میں بھی ایک نادر روزگار خطبہ ارشاد فرمایا۔ اس خطبے میں بھی آپ نے تحریک کی پرزور الفاظ میں تائید کر کے رائے عامہ کو ہموار کیا۔ بلکہ سنیوں کو جھنجھوڑتے ہوئے کہا کہ پاکستان بنانا تمہارا ہی کام ہے لہذا اس کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دو۔ آپ اس خطبے میں ایک مقام پر کانفرنس کے اس اجلاس کے مقصد کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں۔

"اور اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہمارا مقصد بھی نہایت بلند پایہ ہے آج ہمارا اجمیر میں وہی مقصد ہے جو چشت کے راجہ کو صدیوں پہلے اجمیر لاچکا ہے۔ جس نے جیلان والے غوث کو بغداد پہنچایا ہے جس کے لیے اللہ کا حبیب مکہ سے مدینہ اور پھر مدینہ سے فاتحانہ شان کے ساتھ مکہ پہنچا۔ جس مقصد کا مختصر اور صاف نام خدا کے دین کے پیغام اور اس

Marfat.com

دینداری کی آزادی ہے۔ ذرہ ذرہ کو مسلم بنانا اور اسلام کے پرچم کو آزاد رکھنا ہے۔ انسان کو پاک کرنا اور انسانی آبادی کو پاکستان بنانا ہے" لہ

ایک اور مقام پر اسی سلسلے میں ارشاد فرماتے ہیں:

"سارے پیر خانقاہ کی چار دیواری سے نکل پڑے اور میدان میں ڈٹ گئے۔ سارے علماء مدرسوں سے باہر آکر کھڑے ہو گئے اور ارادہ کر لیا کہ لڑ کر دڑسینوں میں رد ھٹے ہوؤں کو منایا جائے۔ ان کو مبلغ بنا کر ذمہ داری دی جائے کہ مرنے سے پہلے فی کس دس نہیں تو ایک غیر مسلم کو مسلمان کرنا ہے۔ ان کو تعلیم دین سے آراستہ کر کے ان کے علم کو ان کے اخلاق کو پاک کرنا ہے۔ تاکہ جہاں کہیں وہ قدم رکھیں پاکستان ہو جائے اب ایسے مدارس ناقابل برداشت ہیں جو سینوں کی جیب پر ڈاکے ڈالیں اور سنیوں کے مفاد سے لڑتے رہیں۔ اور سُنیوں میں انتشار پیدا کریں۔ اب تمام سنی مدارس کو ایک نظام میں لا کر ان میں تعلیم و تربیت کی یکسانیت پیدا کرنی ہے۔ دارالقضاء، دارالافتاء، سب کو مرکزی شان سے چلانا ہے۔ خانقاہوں کو آراستہ کرنا ہے۔ اور ان میں تبلیغ و تعلیم کی روح پھونکنی ہے۔ المشائخ کلھم کنفس واحدہ کر کے دکھانا ہے۔ ان پاکوں کا عزم یہ ہے۔ کہ رفتہ رفتہ ہندوستان کو پاکستان بنا کر دکھا دینا ہے" ٢ہ

آپ کے خطبے کے پہلے اقتباس میں مقصدیت کی اسی عظیم بلندی کی جھلک ملتی ہے۔ جسے عالمگیر غلبۂ اسلام کہتے ہیں۔ اور اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ آپ نے

---

لہ خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۲۰۴

٢ہ خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۲۰۵

Marfat.com

اپنی سیاست اور لائحہ عمل کا تصور کسی میکاؤلی قسم کے نظریات سے نہیں لیا اور نہ ہی کسی اور تیسرے درجے کی شخصیت کو اپنا راہنما بنایا بلکہ اس سلسلے میں بھی آپ کے پیشِ نظر خود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مقدسہ اور دیگر اولیاء و بزرگان دین کی حیاتِ مقدسہ ہے۔ اور وہ انہی کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اپنے عظیم ترمشن کو آگے بڑھانا چاہتے تھے۔ اور اس کے لیے وہ ایسا نظام اور لائحہ عمل ترتیب دینا چاہتے تھے۔ جو صرف ایک مخصوص خطۂ ارض کو ہی نہیں بلکہ رفتہ رفتہ پوری سرزمین عالم کو پاکستان بنا دے۔ جہاں اسلام کی حکومت ہو اور اسلامی اقدار کی نشو و نما ہو۔

آپ کے خطبے کا دوسرا اقتباس بھی انہی عزائم کا آئینہ دار ہے۔ اس میں بھی آپ اسی عزم کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم مدارس خانقاہوں اور مسجدوں کے نظام کو منظم اور مربوط بنائیں گے تاکہ ان سے صحیح طور پر فائدہ حاصل کرتے ہوئے ہندوستان کو پاکستان بنانے کا راستہ ہموار کر سکیں۔

برسبیل تذکرہ یہ بات عرض کر دینا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے خطبے کا دوسرا اقتباس بھی ہمارے سنی مدارس کے سربراہان اور خانقاہوں کے ورثاء کے لیے غور طلب ہے۔ یہ کلمات ان کو دعوت فکر دے رہے ہیں کہ اگر ان کے مدارس اور خانقاہیں ایک مربوط اور منظم پروگرام کے تحت آجائیں تو پھر اس سے بے پناہ اور دور رس تعلیمی، تربیتی اور سیاسی دیگر فوائد و اثرات حاصل ہو سکتے ہیں۔ کاش؛ کہ ہم اپنے اکابرین کی گہری اور دور رس راہنمائی کو اپناتے ہوئے اپنے مدارس اور اپنی خانقاہوں کو ایک ہی تنظیم کے تحت لے آئیں تاکہ ان کی بگڑتی ہوئی حالت سنور سکے اور ان کی ڈوبتی ہوئی نبضیں ابھر سکیں۔ اور یہ ایک بار پھر پہلے کی طرح صحیح طور پہ عظیم علمی، روحانی، تربیتی اور تبلیغی مراکز بن سکیں اور ملتِ اسلامیہ کی راہنمائی کا صحیح فریضہ سرانجام دے سکیں۔

Marfat.com

## پاکستان بنانا سُنیوں ہی کا کام ہے

اپنے اس خطبہ میں آپ نے ایک مقام پر سنیوں کے جذبوں کو تحریک پاکستان کی تائید و حمایت کے لیے ابھارتے ہوئے ان پُرزور الفاظ میں مخاطب کیا :

"اے سنی بھائیو ، اے مصطفٰے کے لشکریو ، اے خواجہ کے مستو ، اب تم کیوں سوچو کہ سوچنے والے مہربان آگئے - اور تم کیوں رکو کہ چلانے والی طاقت خود آگئی - اب بحث کی لعنت چھوڑو ، اب غفلت کے جرم سے باز آجاؤ ، چلے چلو ، ایک منٹ بھی نہ رُکو ، پاکستان بنالو تو جاکر دم لو ، کہ یہ کام اے سینو ، سُن لو ، کہ صرف تمہارا ہے " [۱]

آپ کے خطبے کے اس اقتباس سے آپ کے سینے میں تحریک پاکستان کے متعلق مچلنے والے اس درد کا پتہ چلتا ہے جو کامیابی کے لیے آپ کو بے چین کیے رکھتا تھا - اور آپ ہر سُنی کو اپنے اس درد کا ہمنوا بنانا چاہتے تھے - اور ان کو جھنجھوڑتے ہوئے کہہ رہے تھے کہ اے سنیو ، پاکستان بنانے کے لیے ہر قسم کی سابقہ سُستیاں اور غفلت شعاریاں بالائے طاق رکھ کر اب سرگرم عمل ہو جاو ، اور اگر کوئی اور اس راستے پر چلتا ہے اور تعاون کرتا ہے تو ٹھیک ہے ورنہ تم ہمت نہ ہارو اور بڑھے چلو ، اس لیے کہ پاکستان بنانا سب سے زیادہ تمہاری ذمہ داری ہے -

غور کیجیے : جو لیڈر پاکستان کے متعلق اتنا دردمندانہ زاویۂ فکر اور جذبۂ عمل رکھتا ہو اور جس نے سنی قوم کے ہر فرد کو یہی ذہن اور یہی سوچ دی ہو اور قیامِ پاکستان کے لیے رائے عامہ کی ہمواری کی مجاہدانہ کوششیں کیں - تاریخ میں ، تعصب کی بنا پر ایسے مجاہد کا نام تک نہ لینا ایک عظیم المیہ نہیں تو اور کیا ہے ؟

---

[۱] خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۳۰۶

Marfat.com

# پاکستان پاک لوگوں کا وظیفہ ہے

اجمیر سنی کانفرنس کے اسی خطاب میں آپ ارشاد فرماتے ہیں۔

"حضرات! میں نے بار بار پاکستان کا نام لیا ہے۔ اور آخر میں صاف کہہ دیا ہے کہ پاکستان بنانا صرف سنیوں کا کام ہے اور پاکستان کی تعمیر آل انڈیا سنی کانفرنس ہی کرے گی۔ اس میں سے کوئی بات بھی نہ مبالغہ ہے نہ شاعری ہے۔ اور نہ سنی کانفرنس سے غلو عقیدت کی بناء پر ہے۔ پاکستان کا نام بار بار لینا جس قدر ناپاکوں کی چڑ ہے اسی قدر پاکوں کا وظیفہ ہے اور اپنا اپنا وظیفہ کون سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے کھاتے پیتے پورا نہیں کرتا۔" [1]

اس اقتباس پر ایک نظر ڈالیئے: اس سے پاکستان کے متعلق محبت وعقیدت کے گہرے جذبات واحساسات کا پتہ چلتا ہے۔ آپ پاکستان کا نام بار بار لینے کو اپنی سعادت سمجھ رہے ہیں اور اسے پاک لوگوں کا وظیفہ قرار دے رہے ہیں۔

یہ بات کچھ بوجھل سی تو لگے گی لیکن ہے حقیقت کہ آپ مسلم لیگ اور تحریک پاکستان کے دیگر سربرآوردہ لیڈروں پر بھی ایک نظر ڈال لیجئے: لیکن پاکستان اور تحریکِ پاکستان کے متعلق اس قدر جذباتی وابستگی شائد ہی آپ کو کہیں نظر آئے گی اور اس کے باوجود وہ لوگ جو پاکستان کا نام لینے سے چڑتے تھے اور چڑتے ہیں وہ تو تحریکِ پاکستان کے ہیرو، لیکن ایسے مجاہدوں کا نام تک نہیں لیا جاتا۔

---

[1] محمد جلال الدین قادری، مولانا خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۳۰۶

Marfat.com

## سُنّی، مسلم لیگ کا ہراول دستہ ہیں :

اپنے خطبے میں آپ ایک اور مقام پر ارشاد فرماتے ہیں :

"اب رہا پاکستان کا رشتیاں اَست ، یہ ملک کی کسی سیاسی جماعت سے تصادم کے لیے نہیں کہا ہے ۔ بلکہ ایک حقیقت ہے جس کا اظہار بلاخوف لَوْمَۃَ لائم کر دیا ہے : یوں تو مسلم لیگ کے سوا کوئی ٹولی ایسی نہیں جو پاکستان کے ساتھ لفظی موافقت بھی رکھتی ہو۔ اَلْکُفْرُ مِلَّۃٌ وَّاحِدَۃٌ سارے ناپاکوں نے اپنے اندر بے شمار اختلافات رکھتے ہوئے پاکستان کے خلاف صف آرائی کر لی ہے ۔ اور مسلم لیگ میں پاکستان کا پیغام کس سے پہنچا ؟ اور کن لوگوں نے مسلم لیگ کا عقیدہ اس کو بنایا ؟ اگر تاریخی طور پر دیکھا جائے گا تو وہ صرف سنی ہیں ۔ پاکستان کے معنی اسلامی، قرآنی آزاد حکومت ہے ۔ مسلم لیگ سے ہمارے سنی کانفرنس کی مجلسِ عاملہ کے رکن حضرت شاہ سید زین الحسنات صاحب سجادہ نشین مانکی شریف (سرحد) نے لکھوا لیا ہے ۔ اگر ایک دم سارے سنی مسلم لیگ سے نکل جائیں تو کوئی مجھے بتادے کہ مسلم لیگ کس کو کہا جائے گا ؟ اس کا دفتر کہاں رہے گا ؟ اور اس کا جھنڈا پورے ملک میں کون اٹھائے گا ؟ ان حقائق میں کیا اس دعوے کی روشنی موجود نہیں کہ پاکستان صرف سنیوں کو بنانا ہے ؟" [۱]

اس اقتباس سے پتہ چلتا ہے کہ سنی تحریک پاکستان میں ہراول دستے اور ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کر رہے تھے ۔ قرار دادِ پاکستان بلاشبہ ۱۹۴۰ء میں مسلم لیگ کے تاریخی

---

[۱] محمد جلال الدین قادری، مولانا ؛ خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۳۰۶

Marfat.com

اجلاس میں منظور کی گئی لیکن اگر دیکھا جائے کہ وہ کون لوگ تھے جن کی شمولیت اور تحریک سے مسلم لیگ، واقعی اسم با مسمیٰ جماعت بن گئی ؛ تو یقیناً وہ سنی ہی تھے۔ اور آپ کے خطبے کے اس اقتباس میں اس حقیقت کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے۔

آپ نے اپنے خطبے میں پیر صاحب مانکی شریف کے لکھوا لینے کا جو تذکرہ کیا ہے س کی وضاحت اس طرح ہے کہ سنی کانفرنس نے اس شرط پر مسلم لیگ کو اپنی ہمدردیاں پیش کی تھیں کہ اس ملک میں اسلامی قانون ہی نافذ ہوگا اور نظام مصطفےٰ ہی اس کی منزل ہوگا۔ جس کے جواب میں قائداعظم محمد علی جناح نے پیر صاحب مانکی شریف کو ایک خط میں صاف صاف لکھا کہ :

" اس بات کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت ہی نہیں ہے کہ قانون ساز جماعت جس میں بہت زیادہ اکثریت مسلمانوں کی ہوگی پاکستان کے لیے ایسا قانون بنا سکے گی۔ جو اسلامی قانون کے خلاف ہو اور نہ ہی پاکستانی غیر اسلامی قانون پر عمل کر سکیں گے" [۱]

اس کے باوجود آج کچھ لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ قائداعظم، پاکستان کو سیکولر اسٹیٹ بنانا چاہتے تھے۔ لیکن مذکورہ حوالہ کی روشنی میں ان کے اسی دعوے کی قلعی کھل جاتی ہے۔ علاوہ ازیں قرار داد پاکستان کی تجویز سے پہلے ۱۹۲۹ء میں [۲] مجاہد ملت، مولانا عبدالستار خان نیازی (مرکزی جنرل سیکرٹری جمعیت علمائے پاکستان) نے قائداعظم کی خدمت میں خلافتِ پاکستان کی تجویز پیش کی تھی۔ قائدِاعظم اس تجویز سے بہت خوش ہوئے اور اس کے بعض اہم نکات کو تسلیم کر لیا۔ اور اس تجویز کو مسلم لیگ کی

---

[۱] محمد جلال الدین قادری، مولانا، خطبات آل انڈیا سُنی کانفرنس ص ۲۹

[۲] ایضاً " " ص ۲۰

Marfat.com

متعلقہ کمیٹی کے سپرد کرنے کا وعدہ فرمایا:

اس تجویز میں ہندوستان میں خلافت راشدہ کی طرز پر اسلامک اسٹیٹ کے قیام کا منصوبہ پیش کیا گیا تھا۔ اس سے بھی واضح ہوتا ہے کہ قائداعظم کے پیشِ نظر کسی سیکولر اسٹیٹ کے قیام کا کوئی تصور نہیں تھا۔ اور یہ بات محض افترا اور جھوٹ کا پلندہ ہے۔ بہرحال مذکورہ اقتباس مسلم لیگ کی جدوجہد میں سنیوں کی واضح شرکت کی طرف اشارہ کر رہا ہے اور یہ حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کی قیادت اور راہنمائی کا ہی نتیجہ تھا۔

ایک اور قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ جب پاکستان بنانے والی اکثریت سنی مسلمانوں اور قائداعظم و مسلم لیگ کے نزدیک پاکستان کو ایک واضح اسلامی مملکت بنانے اور اس میں قرآن و سنت کی حکومت قائم کرنے کا منصوبہ تھا تو پھر یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ قیام پاکستان کے بعد پاکستان کے حکمران اس مقصد کو پورا نہ کر سکے بلیسیوں سال گزرنے کے باوجود ابھی تک وہ آئیڈیل حکومت قائم نہیں ہو سکی۔ ہر آنے والے حکمران اپنی مرضی کے مطابق حکمرانی کے ضابطے متعین کرتا ہے اور اس سلسلے میں عوام کی رائے کو کوئی اہمیت نہیں دی جاتی بلکہ ڈنڈے کے زور سے عوام کو دبا دیا جاتا ہے۔ پاکستان کے موجودہ حکمران جنرل محمد ضیاء الحق بھی ایک عرصے سے تقریروں میں جلسے جلوسوں میں ہر جگہ اسلام کا نعرہ لگا رہے ہیں اور اسلام کا نام لیتے نہیں تھکتے لیکن اتنے بلند بانگ دعووں کے باوجود ابھی تک ملک کو اسلامی انقلاب سے آشنا نہیں کر سکے ہمیں سمجھ لینا چاہیئے کہ ایسی صورتِ حال ملک کے لیے نہ کبھی مفید رہی ہے اور نہ ہے جنرل صاحب کو چاہیے تھا کہ وہ تاریخ سے سبق حاصل کرتے اور فی الفور جونہی انہیں موقع ملا تھا ملک میں اسلامی نظامِ حیات کے نفاذ کا اعلان کر دیتے۔ تاکہ حصولِ پاکستان کا مقصد پورا ہو جاتا اور پاکستان کے لیے قربانیاں دینے والے شہداء کی روحوں کو تسکین

Marfat.com

ہوتی۔ لیکن عمر اے بسا آرزو کہ خاک شدہ ؛

## سنی کانفرنس پھپھوند میں آپ کا خطبہ

فروری ۱۹۴۶ء میں پھپھوند ضلع اوٹاوہ میں سنی کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی رحمۃ اللہ علیہ نے کی۔ اس کانفرنس میں اپنے خطبہ صدارت کے دوران بھی آپ نے سنی کارکنوں کو کانگریس کو شکست دینے کے لیے اپنی کوششیں تیز تر کر دینے کے متعلق کہا۔ اس سلسلے میں آپ نے ارشاد فرمایا :

"مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ حلقہ جات میں کانگریس کو ہزیمت دینے کی ہر ممکن سعی کریں۔ آل انڈیا سنی کانفرنس اور اس کے تمام کارکنوں اپنی تمام تر کوششیں حلقہ جات انتخابات میں کانگرس کی مخالفت میں صرف کر دیں" [1]

اس اقتباس سے بھی مسلم لیگ کو فتح سے ہمکنار کرنے اور کانگرس کو شکست سے دوچار کرنے کے لیے آپ کی جدوجہد اور کاوشوں کی ایک جھلک ملتی ہے۔

## کراچی میں آپ کا ایک خطاب

ایک مرتبہ حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی، تبلیغی سنی کانفرنس انٹی سینارتھ پرکاش کے سلسلے میں کراچی تشریف فرما ہوئے۔ مگر وہاں بھی آپ نے جو خطاب فرمایا وہ آل انڈیا کانفرنس کے صدر ہونے کی حیثیت سے آل انڈیا سنی کانفرنس کے اغراض و مقاصد سے ہی متعلق تھا آپ نے اس میں بھی پاکستان کے متعلق گفتگو فرمائی۔ ہم اس جگہ اس کے متعلقہ حصے نقل کرتے ہیں۔ آپ نے ارشاد فرمایا :

" مجھے چند دیندار بھائیوں نے فضائلِ رسول پر کچھ بیان کرنے کی درخواست کی ہے اور چند لوگوں نے پاکستان کو قرآن و حدیث کی روشنی میں

---

[1] محمد جلال الدین قادری مولانا، خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۳۱۴

Marfat.com

بیان کرنے کی التماس کی ہے ۔ مگر یہ اسٹیج تبلیغی کانفرنس کا ہے ۔ اور ماشاءاللہ تین دن سے جس قسم کی اپ ٹو ڈیٹ تبلیغ اس اسٹیج پر ہو رہی ہے۔ وہ میں تین دن سے دیکھ رہا ہوں اور دماغ میں نوٹ کر رہا ہوں ۔ علاوہ ازیں اس سیاسی پلیٹ فارم پر جہاں اور لوگوں نے اپنے اصولوں کو خیرباد کہا ہے مجھے بھی اپنے ان اصولوں کو علیحدہ رکھ کر قومی و ملی اجتماعی نظریہ سے کچھ کہنا پڑے گا ۔ اور میں نہیں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے اصول سمجھانے میں ایسی کونسی سخت مشکل آن پڑی کہ جس کے لیے کسی مذکر اور مؤنث کو نہیں چھوڑا جاتا ۔ اسے بھی سٹیج پر لانا پڑتا ہے“ لے

(مسلم لیگ کے جلسوں میں بعض مقامات پر عورتیں بھی خطاب کرتی تھیں ۔ عورتوں کا مردوں کے ساتھ اس طرح بے حجابانہ اختلاط اور خطاب شرعی لحاظ سے قابل اعتراض ہے ۔ حضرت سید محدث کچھوچھوی نے اس شرعی حکم کی طرف اشارہ کیا ۔)

آج عالم دنیا میں امنِ انسانیت کی تلاش ہے ۔ بڑی بڑی سلطنتیں اپنی اقتصادی و مادیاتی تصرف" ایٹم بم" وغیرہ سے امنِ انسانیت لہر دڑانا چاہتی ہیں بگران کی باہمی رقابت ہی نہیں سنبھلتی ۔ ہر ایک اپنے اقتدار کو کام میں لانا چاہتا ہے ۔ اور دنیا کا یہی دستور چلا آرہا ہے کہ اگر اسے کتنے ہی فائدے کی بات بتلائی جائے مگر وہ اسے نقصان دِہ ہی سمجھتی ہے ۔ خدا کا محبوب کائنات کے بسنے والوں کو بتلا رہا ہے کہ دنیا کی تمام چیزیں اور مخلوقاتِ ارضی و سماوی چاند، سورج، مٹی، ہوا، پانی، آگ وغیرہ سب انسان کی خدمت گزاری اور فلاح و بہبود کے لیے خدمت گار مقرر ہوئے ہیں ۔ تم ان کو اپنا حاکم مت

---

لے محمد جلال الدین قادری ، مولانا خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۲۳۰

Marfat.com

تسلیم کرو۔ اتنی قوت واستعداد پیدا کرو کہ یہ تمہارے محکوم ہو جائیں
جس وقت خدا کے محبوب نے یہ پیغام سنایا کہ اس وقت سورج نے یہ
نہیں کہا کہ اچھا تم لوگوں کو ہماری پرستش سے باز رکھتے ہو۔ ہم مدینے
میں نہیں نکلیں گے۔ سورج تو ان کے ادنیٰ اشارے پر افقِ مغرب سے
لوٹ کر چلا آیا۔ مگر سورداس نہیں مانتے چاند نے یہ نہیں کہا کہ تم لوگوں
کو ہماری اطاعت سے منحرف کرتے ہو ہم اب حجاز پر نہیں چمکیں گے
بلکہ چاند تو انگلی کے اشارے سے دو ٹکڑے ہو گیا۔ اور رام چندر مانتے
نہیں۔ حضور نے اپنی انگلیوں سے جمنا کے مقدس پانی کی طرح نہریں بہا دیں
جمنا نے ان کے غلاموں کو اپنے دامن میں پناہ دے کر اسلام کا جھنڈا گڑوا دیا
مگر جمنا داس مانتے نہیں۔ کفارِ عرب میں بھی یہی ضد کا مادہ تھا کتنے ہی
فائدے کی بات بتلائی جاتی تھی مگر وہ اسے نقصان دہ ہی سمجھتے تھے بلکہ
کفارِ عرب نے کانگریس بنا کر اپنے اجارہ دار عالموں کی ایک جمعیت بنا دی
جو مسلمان عربوں کے لباس اور وضع قطع میں اسلام کی منافقت و مخالفت
کرتے تھے۔ ایک مرتبہ مسجد نبوی میں سرورِ عالم نے ممبرِ رسالت اور مسندِ نبوت
پر رونق افروز ہو کر مذکورہ بالا آیت شریفہ کے نازل ہونے کی اطلاع دی
تو کانگریسی جمعیت العلماء کے یہ فتنہ کالم کے عناصر وہاں بھی جا پہنچے[1]

آپ کا یہ طویل اقتباس بڑے فصیح و بلیغ انداز میں تحریک پاکستان کے مخالف
ان لوگوں کی سرکوبی کرتا ہے جو برصغیر میں جمعیت العلمائے ہند کے نام سے کام کر رہے تھے
ان لوگوں کی اکثریت مدرسۂ دیوبند سے متعلق تھی اور ان کے دو قومی نظریے اور

---

[1] محمد جلال الدین قادری، مولانا: خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۲۳۱

Marfat.com

قیام پاکستان کی مخالفت کے سوا کوئی کام نہیں تھا۔ اس اقتباس میں آپ نے ان لوگوں کو کفارِ عرب کی طرح ضدی اور منافقین کی طرح سازشی قرار دیا ہے۔ تحریک پاکستان کے مخالفین سے آپ کا یہ سخت رویہ بھی تحریک پاکستان کے ساتھ آپ کی گہری وابستگی کا ثبوت فراہم کرتا ہے اور پھر جمعیت العلماء ہند کے ان ملاؤں کو ففتھ کالمی عناصر قرار دے کر ان کی مزید سرکوبی اور ان کے کردار کی نقاب کشائی کرتے ہوئے فرماتے ہیں؛

"حضرات! آپ کو معلوم ہے کہ جہاں مجاہدین کی تلواریں کام نہیں کرتیں وہاں یہ ففتھ کالم کے عناصر بڑا کام کر جاتے ہیں۔ چنانچہ موجودہ جنگ میں جب جاپان اور برٹش نبرد آزما تھے تو جاپان ففتھ کالم کے لوگ ہمارے ہاں بڑی شورش مچا رہے تھے۔ کہتے تھے کہ بس کل سویرے جاپان فلانی ٹرین سے آنے والا ہے اور انگریزوں نے چپٹی ناک اور چھوٹی آنکھ والے لوگوں کو جاپان میں اپنے پروپگنڈہ کے لیے مقرر کر رکھا تھا۔ وہ وہاں اس کی تعریف اور بہادریوں کے پل باندھ رہے تھے۔ اسی طرح ان کانگریس والوں نے جمعیت العلماء والوں کو ففتھ کالم کا کارنامہ انجام دینے ان میں بھیج دیا تھا۔ جب حضور نے یہ آیت شریفہ پڑھی تو ان کے کان کھڑے ہوئے کہ لو بھائی جبرائیل یہ کیا نیا پیغام لایا اور آپس میں ایک دوسرے سے کہنے لگے کہ اس رسول کو علم غیب تھوڑا ہی ہے جو ہماری منافقت اس کو معلوم ہو جائے گی۔ یہ تو ہمارے جیسا بشر ہے۔ اسے ہمارے دل کا حال کیا معلوم؟"[1]

یہ اقتباس بھی جمعیت العلماء ہند کے متعلقین کی کارگزاریوں پر روشنی ڈالتا ہے

---

[1] محمد جلال الدین قادری، مولانا، خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس صفحہ ۳۳۱

Marfat.com

اوراس کے بعد پھر آپ ان لوگوں کی کچھ مزید گھناؤنی کارروائیوں اور اندرونی کارگزاریوں کا پردہ چاک کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"جب وہاں سے کانگریس نے نوٹس بھیجا کہ جلدی اپنی کارگزاری کی رپورٹ بھیجو۔ ورنہ تمہاری تنخواہیں ضبط کر لی جائیں گی اور کھایا پیا سب باہر آجائے گا تو اب جمعیت علمار ہند کے نفنفہ کالم کو پریشانی دامن گیر ہوئی سوچ سمجھ کر جواب دیا کہ جب تم گائے کی دم کو نہیں چھوڑنا چاہتے ہو تو یہ مسلمان محمد کے دامن کو کیسے چھوڑیں گے۔ تم اپنے کام میں مصروف ہو کانگریس نے جواب میں نفنفہ کالم والوں کی تنخواہوں کا اضافہ کر دیا۔ اور روپیہ کا لالچ دے کر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اور لکھ دیا کہ سات، سو کی جگہ آٹھ سو ہزار والے کو بارہ سو ملے گا۔ لگے رہو اپنے کام میں باقی مسجد نبوی میں جب حضور نے آیت پڑھی کہ اللہ تعالیٰ غیب کی باتوں پر کسی کو مطلع نہیں کرتا۔ تو نفنفہ کالم والوں کی جان میں جان آئی کہ چلو چھٹکارا ہوا اور جب مومنوں کے ظاہر حالات کا بیان کیا گیا تو ایک دوسرے کے لباس اور وضع قطع کو دیکھنے لگے۔ کہ عمر کی ریش تو ایک مشت کی ہے۔ اور یہاں بخاری صاحب کی ڈیڑھ فٹ صدیق کی پیشانی پر تو سجدہ کا داغ معلوم ہی نہیں ہوتا۔ اور یہاں کلام کے باپ نے ماتھا رگڑ رگڑ کر روپے کے قریب داغ لیا۔ عثمان کا پیرہن تو ٹخنے سے اوپر اور یہاں مدنی صاحب کا اتنا لمبا کہ سڑک کی گرد و غبار بھی سمیٹ لے جب حضور نے فرمایا کہ خدا کے اختیار میں ہے کہ اپنے رسول کو غیب پر مطلع کر دے تو حضور علیہ السلام نے ( یمیز الخبیث من الطیب ) کے لیے بڑے جلال میں آکر کہا کہ اخرج فلاں ابن فلاں نکل جا یہاں سے اے فلانے فلانے کے بیٹے تو بس جناب پھر نہ پوچھو کہ ان کی کیا گت بنی

Marfat.com

صدیق نے کسی کو گریبان سے پکڑ کر گھسیٹا تو علی نے کسی کی چُٹیا سنبھالی تو بلال نے کسی کی کمر پہ لات رسید کی اور کہا کہ خلیثو پاکستان میں پلیدستان کا کیا کام پاکستانیوں میں پلیدوں کا کیا کام ؟[1]

اس اقتباس کی ابتداء میں حضرت محدث اعظم نے کانگریس کے جمعیت علمائے دیوبند کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ ہندوؤں سے تنخواہیں وصول کیا کرتے تھے اور تب یہ کانگریس کی حمایت کیا کرتے اور تحریکِ پاکستان کی مخالفت کیا کرتے گویا کہ دیوبندی مولوی کرایہ پر پروپیگنڈہ کیا کرتے اور پاکستان کی مخالفت میں بات تنخواہوں کی چل پڑی تو یہاں دلچسپ واقعہ سپرد قلم کرنا ضروری خیال کرتا ہوں کہ تحریک کے اوائل حالات کے حوالے سے صاحب ننگ و ناز جناب نقاش فطرت ایم اسلم اپنی کتاب میں صفحہ نمبر ۹۲ پر مسٹر اصفہانی کی کتاب محمد علی جناح کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ یہ ۱۹۳۶ء کا زمانہ تھا اور انتخابات کا زمانہ قریب آرہا تھا۔ اور انتخابات کے لیے عام مسلمانوں کو تیار کرنا اور جداگانہ انتخاب کی اہمیت اور فوائد سے آگاہ کرنے کے لیے ایک ملک گیر پروپیگنڈہ کرنے کی اشد ضرورت تھی۔ لیکن اس کام کے لیے کافی رقم درکار تھی۔ اور اتنا روپیہ پیسہ مسلم لیگ کے پاس تھا نہیں اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے مسلم لیگ نے سب اراکین لیگ سے دو آنے ماہوار چندہ وصول کرنے کی سکیم جاری کی اور تھوڑے ہی عرصہ میں مسلم لیگ کے خزانے میں لاکھوں روپے جمع ہو گئے اب سوال یہ تھا کہ پروپیگنڈہ کیسے کیا جائے اس کام کے لیے مسلم لیگ نے یہ مناسب خیال کیا کہ یہ کام مولویانِ دیوبند کے سپرد کیا جائے کیونکہ مولوی لوگ پروپیگنڈہ کرنے میں بڑے ماہر ہوتے ہیں۔ اور عوام ان کی بات غور سے سنتے ہیں۔ یوں بھی علمائے دین کا اولین فرض تبلیغ ہی ہوتا ہے۔ یعنی ہم خرما ہم ثواب

---

[1] خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس ص ۳۳۲ مطبوعہ مکتبہ رضویہ گجرات

Marfat.com

لیکن زمانے کی ستم ظریفی دیکھیے۔ کہ جب یہ تجویز علمائے دیوبند کے سامنے پیش کی گئی تو انھوں نے یہ کام کرنے کی حامی بھری لیکن اس کےساتھ ہی یہ شرط بھی لگادی کہ تمام اخراجات جوکہ تقریباً پچاس ہزار روپے مسلم لیگ کو ادا کرنے ہوں گے۔ خود قائد اعظم نے جو مسلم لیگ کے صدر تھے یہ شرط قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ کیونکہ جس وقت یہ تجویز پیش کی گئی تھی۔ مسلم لیگ کے پاس ایک پیسہ بھی نہیں تھا۔ چندہ لینے کی سکیم بعد میں بنی تھی۔ اس پر خداوندان دیوبند ناراض ہوگئے۔ اور ہندو کانگریس کے ساتھ ہو گئے۔ جس کا یہاں کام مسلمانوں کی تخریب تھی۔ اور کھلم کھلا سودا کر لیا اور بڑی شدومد کے ساتھ کانگریس کا پروپیگنڈہ شروع کر دیا۔ جب ہمارے علمائے دین ہی کی اسلامی غیرت اور حمیت کا یہ عالم ہو تو غیروں سے کیا گلہ ہو سکتا ہے۔ شاعر مشرق علامہ اقبال نے کیا خوب کہا ہے :

جان بھی گرو غیر بدن بھی گرو غیر
افسوس کے باقی نہ مکان ہے نہ مکین ہے
ہندو کی غلامی پر رضامند ہوا تو
مجھ کو تو گلہ تجھ سے ہے ہندو سے نہیں ہے

نوٹ : یہاں ہندو کا لفظ یورپ کی جگہ استعمال کیا گیا اس بات سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ علمائے دیوبند نے کانگریس کی حمایت کرنے اور تحریک پاکستان کی مخالفت کرنے میں کتنا مال کمایا ہوگا۔ اور یہ کانگریسی مولوی گاندھی کے ترانے گاتے تھے اور اب بھی جشن صد سال دیوبند ہوا جو اندرا گاندھی کی صدارت میں منعقد ہوا اور ان دیوبندی کانگریسی مولویوں نے یہ ثابت کر دکھایا کہ ہمارا اصل رشتہ ہندوؤں سے ہے

---

لہ صد ۹ ننگ وناز مکتبہ نظامی لاہور

Marfat.com

مسلمانوں سے نہیں اب نہ جانے کتنے ہی ڈالر اندرا رانی نے بطور عطیہ دارالعلوم دیوبند کو دیتے ہوں گے۔

## حضرت محدث کچھوچھوی کا تابندہ کردار اور مورخین کی بے انصافی

حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی کے اس کردار اور آپ کی تقاریر و خطابات کے اس تجزیہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ آپ نہ صرف دل وجان سے قیام پاکستان کے حق میں تھے بلکہ اس کے لیے عملی کوششیں بھی فرما رہے تھے۔ اور اس سلسلے میں مخالفین کی کوششوں اور کارروائیوں پر نظر رکھتے ہوئے ان کا پردہ بھی چاک کر رہے تھے۔ لیکن آج تاریخ کے متعصب مورخین کا اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے کہ وہ لوگ جو گاندھی کے عقیدت مند تھے اور کانگریس کے عربی ترجمان تھے تحریک پاکستان کے دل وجان سے مخالف تھے ان کو قومی تاریخ کے ہیرو اور مجاہد بنا کر پیش کیا جا رہا ہے۔ اور علمار اہلسنت کی تابناک جدوجہد کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ ان کو یہ جان لینا چاہیے کہ اگرچہ وہ وقتی طور پر اس پروپیگنڈے سے کچھ نتائج حاصل کر لیں گے۔ لیکن بالآخر حقیقت بے نقاب ہو کر رہے گی۔

## اپنوں کے لیے لمحۂ فکریہ:

اہل سنت وجماعت کو بھی چاہیے کہ حالات کے ساتھ چلنے کی بجائے حالات کو اپنے مطابق بنانے کے لیے جدوجہد کریں، غفلت شعاری کا یہ رویہ انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ اپنے اکابر کی خدمات کے تذکروں اور ان کے تعارف کے لیے اگر ہم نے مخلصانہ کوششیں نہ کیں اور وقت کے اس تقاضے پر لبیک نہ کہی تو یہ ہماری نااہلی اور ناخلفی ہوگی۔ اور اکابرین اور اسلاف کی روحوں کے ساتھ بہت بڑی زیادتی: کاش کہ آج بھی ہماری آنکھیں کھل جائیں اور بہتر طریقے سے آغاز کار کر دیں۔ اور جنہوں نے پہلے سے اس کام کا بیڑہ اٹھایا ہوا ہے اور اپنی محدود توانائیوں اور محدود وسائل کے ساتھ

Marfat.com

یہ سلسلہ شروع کر رکھا ہے ان کے ساتھ دل وجان سے تعاون کریں اور ان کے دست و بازو بنیں: اپنے اکابرین کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کا ہمارا یہی سب سے بہتر طریقہ ہو سکتا ہے۔

## حرفِ آخر

تحریک پاکستان، اس کے پسِ منظر اور اس کی داستانِ جدوجہد پر گزشتہ بحث سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قیام پاکستان حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی اور ان کے شریکِ سفر دیگر ہزاروں مشائخ وعلماء اہلسنت کی شبانہ روز کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اور اگر مسلم لیگ کے پروگرام کو ان لوگوں کی غیر مشروط اور بے دریغ حمایت، حاصل نہ ہوتی تو شاید قیام پاکستان کا منصوبہ ایک خواب ہی رہتا۔

ہمارے اکابرین کی یہ کوششیں تاریخ پاکستان کا ایک سنہری باب ہیں۔ اور ہر دور میں ان کے اس کردار کی تابناکیاں ہمارے لیے عمل کی راہیں روشن کرتی رہیں گے۔ البتہ ان پر ہمت مردانہ سے چلنا ہمارا کام ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین : بجاہ سید المرسلین
صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Marfat.com

# ماخذ و مراجع

| مصنف | تصنیف | مقام اشاعت | سن اشاعت |
| --- | --- | --- | --- |
| سید محمد محدث کچھوچھوی | الخطبۃ الاشرفیہ للجمہوریہ الاسلامیہ | مراد آباد | ۱۹۴۶ء |
| محمد صادق قصوری | اکابر تحریک پاکستان | لاہور | ۱۹۷۶ء |
| محمد عبدالحکیم شرف قادری | تذکرہ اکابر اہلسنت | لاہور | ۱۹۷۶ء |
| رانا منظور احمد خان | حضرت شیخ القرآن | وزیر آباد | ۱۹۷۸ء |
| محمد جلال الدین قادری | خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس | گجرات | ۱۹۷۸ء |
| ڈاکٹر محمد مسعود احمد | تحریک آزادی ہند اور السواد الاعظم | لاہور | ۱۹۷۹ء |
| حکیم محمد حسین بدر | سات ستارے | لاہور | ۱۹۷۸ء |
| خواجہ رضی حیدر | قائداعظم کی بہتر سال | کراچی | ۱۹۷۶ء |
| سید نور محمد قادری | اعلیٰ حضرت کی سیاسی بصیرت | گجرات | ۱۹۷۵ء |
| نقاش فطرت میاں ایم اسلم | تگ و تاز | لاہور | ۱۹۷۸ء |
| پروفیسر رفیع انور | تحریک قیام پاکستان | لاہور | ۱۹۷۳ء |
| | ہفت روزہ افق | کراچی | |
| | ماہنامہ المیزان | بمبئی | |
| | ماہنامہ فیضان | لاہور | |

Marfat.com

Marfat.com

# دعوتِ عمل

1 — فرائض و واجبات کی ادائی کو ہر کام پر اوّلیت دیجئے۔ اِسی طرح حرام و مکروہ کاموں اور بدعات سے اجتناب کیجئے کہ اِسی میں دنیا و آخرت کی بھلائی ہے۔

2 — فریضہ نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ تمام تر کوشش سے ادا کیجئے کہ کوئی ریاضت اور مجاہدہ ان فرائض کی ادائی کے برابر نہیں ہے۔

3 — خوش اخلاقی، حُسن مُعاملہ اور وعدہ وفائی کو اپنا شعار بنائیے۔

4 — قرض ہر صُورت میں ادا کیجئے کہ شہید کے تمام گناہ مُعاف کر دیئے جاتے ہیں لیکن قرض مُعاف نہیں کیا جاتا ہے۔

5 — قرآن پاک کی تلاوت کیجئے اور اس کے مطالب سمجھنے کے لیے کلامِ پاک کا بہترین ترجمہ "کنز الایمان" از امام احمد رضا بریلوی پڑھ کر ایمان تازہ کیجئے۔

6 — دین متین کی صحیح شناسائی کے لیے اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی اور دیگر علماء اہلِ سُنّت کی تصانیف کا مطالعہ کیجئے۔ جو حضرات خود نہ پڑھ سکیں وہ اپنے پڑھے لکھے بھائی سے درخواست کریں کہ وہ پڑھ کر سُنائے۔

7 — فاتحہ، عرس، میلاد شریف اور گیارہویں شریف کی تقریبات میں کھانے، شیرینی اور پھلوں کے علاوہ علماء اہلِ سُنّت کی تصانیف بھی تقسیم کیجئے۔

8 — اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے احکام و فرامین جاننے، ان پر عمل کرنے اور دوسروں تک پہنچانے کے لیے دعوتِ اسلامی کی تحریک میں شمولیت اختیار کیجئے۔

9 — ہر شہر میں سُنّی لٹریچر فراہم کرنے کے لیے کُتب خانہ قائم کیجئے یہ تبلیغ بھی ہے اور بہترین تجارت بھی

10 — ہر شہر اور ہر محلہ میں لائبریری قائم کیجئے اور اس میں علماء اہلِ سُنّت کا لٹریچر ذخیرہ کیجئے کہ تبلیغ دین کا اہم ترین ذریعہ ہے۔

11 — انجمن طلباء اسلام کی ہر ممکن امداد اور سرپرستی کیجئے۔

12 — رضا اکیڈمی رجسٹرڈ لاہور کی رکنیت قبول کیجئے، رکنیت فارم اکیڈمی کے دفتر سے طلب کیجئے۔

---

رضا اکیڈمی (رجسٹرڈ) ۔ لاہور ۔ پاکستان

Marfat.com

# دعوتِ عمل

1 — فرائض و واجبات کی ادائی کو ہر کام پر اوّلیت دیجئے۔ اسی طرح حرام و مکروہ کاموں اور بدعات سے اجتناب کیجئے کہ اسی میں دنیا و آخرت کی بھلائی ہے۔

2 — فریضہ نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ تمام تر کوشش سے ادا کیجئے کہ کوئی ریاضت اور مجاہدہ ان فرائض کی ادائی کے برابر نہیں ہے۔

3 — خوش اخلاقی، حُسنِ معاملہ اور وعدہ وفائی کو اپنا شعار بنائیے۔

4 — قرض ہر صورت میں ادا کیجئے کہ شہید کے تمام گناہ مُعاف کر دیئے جاتے ہیں لیکن قرض مُعاف نہیں کیا جاتا ہے۔

5 — قرآن پاک کی تلاوت کیجئے اور اس کے مطالب سمجھنے کے لیے کلامِ پاک کا بہترین ترجمہ "کنزالایمان" از امام احمد رضا بریلوی پڑھ کر ایمان تازہ کیجئے۔

6 — دینِ متین کی صحیح شناسائی کے لیے اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی اور دیگر علماءِ اہلِ سُنّت کی تصانیف کا مطالعہ کیجئے۔ جو حضرات خود نہ پڑھ سکیں وہ اپنے پڑھے لکھے بھائی سے درخواست کریں کہ وہ پڑھ کر سُنائے۔

7 — فاتحہ، عرس، میلاد شریف اور گیارہویں شریف کی تقریبات میں کھانے، شیرینی اور پھلوں کے علاوہ علماءِ اہلِ سُنّت کی تصانیف بھی تقسیم کیجئے۔

8 — اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے احکام و فرامین جاننے، ان پر عمل کرنے اور دوسروں تک پہنچانے کے لیے دعوتِ اسلامی کی تحریک میں شمولیت اختیار کیجئے۔

9 — ہر شہر میں سُنّی لٹریچر فراہم کرنے کے لیے کُتب خانہ قائم کیجئے یہ تبلیغ بھی ہے اور بہترین تجارت بھی

10 — ہر شہر اور ہر محلہ میں لائبریری قائم کیجئے اور اس میں علماءِ اہلِ سُنّت کا لٹریچر ذخیرہ کیجئے کہ تبلیغ دین کا اہم ترین ذریعہ ہے۔

11 — انجمن طلباءِ اسلام کی ہر ممکن امداد اور سرپرستی کیجئے۔

12 — رضا اکیڈمی رجسٹرڈ لاہور کی رکنیت قبول کیجئے، رکنیت فارم اکیڈمی کے دفتر سے طلب کیجئے۔

---

رضا اکیڈمی (رجسٹرڈ) - لاہور - پاکستان

---

Marfat.com